کنٹرول کی ہے جب سے راجدھانی ہو گئی
کیوں نہ روئیں کیوں نہ چیخیں ان کو ہم
جہاز فضا میں موت جن کی ناگہانی ہو گئی
حسرت و افسوس ہے ان نوجوانوں کا ہمیں
نذر آتش ایک دم جن کی جوانی ہو گئی
تکتے تکتے سب طریقے ست فیشن ہو گئے
اس سے جنگ و جدل بھی آسمانی ہو گئی
بھول جائیں گے سبھی رنج و غم اور سختیاں
فتح گر استاد ہمیں جرمن و جاپانی ہو گئی

گجرات میں ہوائی اڈہ

نہایت شان و شوکت سے بن رہا ہے ضلع گجرات میں ہوائی اڈہ
جس کی تعمیر و عمارت نے کسی بھٹے پہ اینٹ نہیں چھوڑا
وہاں لکڑی، چونا، سیمنٹ دھڑا دھڑ لے جا رہے ہیں
بڑے بڑے ٹرک لاری اور کچھ ریڑھی گڈا
انسان تو درکنار کاروبار میں حیوانات بھی لگے ہوئے ہیں
گدھا، خچر، گھوڑا، ٹٹو، بیل، سانڈ اور کچھ سنڈھا
ہر چیز کا ذخیرہ سٹور جمع ہو رہا ہے اس قدر
کہ شاید آتا ہے کوئی نوح نبی سے بڑھ کر طوفان وڈا
سطح زمین ارد گرد سب کی سب ہموار ہو چکی ہے
اب بالکل کہیں نظر نہیں آتا کوئی ٹیلہ اور کچھ کھائی کھڈا
راج مستری لوگ تمام گھر اپنے گھر چلے جاتے ہیں شب کو
لیکن مزدور لوگوں کو وہاں ہی دیکھا گیا ہے ٹھنڈ چھوڑی تڑدہ
بڑی بڑی دور سے مزدوری پیشہ لوگ آئے ہوئے ہیں
بالکل نوجوان مرد، عورتیں اور کچھ بڈھا ٹڈھا
ارد گرد کی آبادیاں کثر بیزاری محسوس کریں گی
جب کبھی شروع کر دیا ہوائی جہازوں نے اٹھنا کوڈی کھڈ
نازک اندام مزدور لوگ بہت جلدی جلدی کام کرتے ہیں
لیکن معمار لوگ سست رفتار کو کہتے ہیں ٹھوس اور جیڈہ
استاد گجرات میں دو شخص کمال کا ساہوکارہ کر گئے ہیں
ایک تو شیخ میر بخش اور دوسرا [illegible] گفت جیڈہ

ٹاؤن ہال گجرات اور کھنڈر

خوب بجتی تھی ٹاؤن ہال میں َھانڈ
کسی کے منہ پہ مکہ پڑتا تھا ور کسی کو چانڈ
بعض چھریاں تانے آتے تھے بوجہ یورش
ور بعض سرز پہ لڑتے تھے بڑے بڑے پراغڈ
چھ خاصہ غل غپاڑہ تھا اور کہ شورو شر
دیکھنے سے یہی معوم ہوتا تھا کہ تماشہ ہے بھانڈ
گملے شمے دروازوں کے شیشے توڑ کر فنا کرتے ہیں
جب کبھی سپاہی اندر سے کرتا تھا ڈنگ کی پھانڈ
نوکر چاکر افسر ں کے بارہا دفعہ لے جا چکے تھے
ں سے اُسوں کے ساتھ روتی تھیں دوعورتیں وہاں رانڈ
کٹھڑ پوٹلیاں گٹھڑیں بندھ بندھ کر سے جاتے تھے
جو آزی چست و چالاک ور شیر و دلیر تھے مثل سانڈ
حا تنور تو نگر دھڑ دھڑ رومال ، تولیہ ڈ تے تھے
لیکن اُفسوں غریب غربا کو ملتا تھا ہفتہ کا ریمانڈ
یک وقت تھا کہ ہر گلی کوچہ میں فروخت ہوتی تھی
لیکن آج دیکھا جاتا ہے سڑڈپی کرتے ہیں کھنڈ کی مانڈ

بلیک آؤٹ

حکومت بلیک آؤٹ جو جب بجی کی
یہی شکل و صورت ہے تیرے بچ کی
کسی نے اگر روشنی بڑھ کی
تو دیکھے گا آفت مصیبت سز دکی
کرے گا نہ تعمیل جو اس حکم کی
تباہ ہو رہے گا قسم ہے خدا کی
بچو اے عزیزو! بزرگو! رئیسو! !
کہ دشمن نے ٹھانی ہے جو رو جفا کی
خدا نہ دکھائے قیامت کا نقشہ
کہ دھوڑا دوڑ جاتی ہے رخش و سما کی
اندھیرے کا طوفاں آبادی میں رکھنا
یہی اصل منشا ہے چال و چالاکی
سمجھیں نہ سمجھیں لیکن پھر بھی ہم نے
گذارش عرض کر دیا تجھ کی
استاد دشمن کا بم بات کرتا
ہم معنی ہوتا ہے موت و قضا کی

ٹیونیشیا کی فتوحات

ہزار ہزار اور لاکھ لاکھ مبارک ہو آپ کی خدمت میں حضرت
کیونکہ ملک افریقہ میں برطانیہ کو ہوئے کمالات کی فتوحات
قدرت نے تھوڑے عرصہ میں کامیابی کے اسباب پیدا کئے ہیں
منطق و ریاضی سے نہیں بلکہ کرامات و معجزات
دشمن کا شور و شر اور میدان کارزار وہاں باقی نہیں رہا
اب سب پہ ہمارا قبضہ ہے جس قدر تھے متعلقہ علاقہ جات
دنیا میں کوئی بادشاہ ہم نے ایسا نہیں دیکھا جیسا کہ جرمن
بالکل نالائق، پاگل، بیوقوف، احمق، دیوانہ، وحشی اور واہیات
خدا نہ دکھائے شکل و صورت جرمن جاپان و اٹلی کی
چونکہ وہ بے تحاشا کرتے جاتے ہیں خونریزی اور قتل و گھات
شکست خوردہ ششدر افسوس و ماتم کی صف بچھانا چاہتے ہیں
لیکن لشکر نے بھیج دیے فوراً کاوت کے خاص پیغامات
لاکھ ہا قید و بند میں آئے ہیں اور بہت زخمی لاپتہ جنگی ہوئے ہیں
لیکن جو مر چکے ہیں ان پہ ہو بطور انسانی ہمدردی فاتحہ و صلوات
ہمارے جنگی لیڈر نہایت اعلیٰ شخصیتوں کے مالک ہیں
مسٹر چرچل، روزویلٹ جنرل ویول جو کرتے ہیں دشمنوں کو مات
صاحب صدر، گورنر، کمانڈنگ و دیگر صوبیداران کو یاد رہے
کہ پنجاب ہندوستان محسوس کرتا ہے آپ کے جنگی مشکلات

افریقہ انڈونیشیا کی آبادیاں کیا ویرانے آباد ہوتے ہیں تیرے دم سے
خدا کرے کہ آپ کا دخل ہو شرق غرب جنوب و شمالت
قحط سالی نے دبا رکھا ہے ستادو ورنہ اس وقت تجھ ور تا
روپے پیسے پونڈ نوٹ ہیرے موتی ور کہ جو ہرت

نظم چیچہ وطنی میں غلاظت سے مجبور ہے شعر ۲ کا مت جمع معنی واضح
ہے ۔ ۳ ۔ قافیہ صحیح ہو کہ ۔ خامہ

کانگرس کی قتل و غارت

عجب کانگرس کا رنامہ دکھایا
فنا کر دیا جو مقابل میں آیا
بنکوں خزانوں کو لوٹا لٹایا!
بہت تھانیداروں کو زخمی کرایا
اس قدر قتل و غارت کا بیڑا اٹھایا
کہ لاکھوں کی جانوں کو زندہ جلایا
کہیں تار توڑا تو کھمبا گرایا
کہیں ٹرین گاڑی کو پوٹا پوٹایا
کہیں سٹیشنوں کو بھی آتش لگایا
کہیں چلتی ریلوں پہ پتھر چلایا
کہیں پنچایت سنگتیں عمارت کو ڈھایا
کہیں مار مردے پہ مردہ چڑھایا
کہیں ملے افسر سے ہتھیار چھین کر
شہروں کی تاسہ دریا ڈبایا
جتھہ جس طرف باغیانہ بڑھایا
مدرس پکڑ خاک وخوں میں رلایا
بنگال، مدراس، یوپی علاقے
بڑے غضب قہروں کا طوفان مچایا
اندازہ جو نقصان رپوٹر لگایا
جمعبندی میں اس کو سو لکھ پایا

بہت کچھ ظلم ستم ہو یا ہوا یا
مگر مختصر کر کے میں نے سُنایا
سوا مسلمانوں کے سُتاد کیا کیا
گاندھی کے چیلوں نے آندھی جلدیا

استاد امام الدین فوجی لباس میں

قدرت مجھے جو اک دفعہ کر دے وزیر جنگ
جرمن جاپان کی بکڑ ہستی بگاڑ دوں
بمباٹ اس قدر دوں دشمن کے ملک پر
پتھر، فولاد، آہن اور پہاڑوں کو ساڑ دوں
سر پر قدم رکھے ہوئے بھاگیں سبھی حریف
ہر مورچے محاذ سے لیپ پچھاڑ دوں
زندوں کو ماروں مار کے گور و کفن بغیر
طوفان بے تمیزی اک لاشوں کو چاہڑ دوں
لشکر تو ہے اک طرف گورنر کمانڈر چیف
جنگل کے شیر کی طرح میں چیر پھاڑ دوں
کر دوں چڑھائی اس قدر غیظ و غضب کے ساتھ
ہر موقع اور محل سے جھنڈے اکھاڑ دوں
دست اور بدستی جنگ بھی ہوتی ہے کوئی جنگ
دشمن لگائے ایک تو دو چار جھاڑ دوں
جرمن جاپان اٹلی کو بس چاہتا ہے استاد
ٹکے ہوئے جدھر سے میں ادھر کو موڑ دوں

۱۔ [illegible] ۔ ۲۔ [illegible] ۳۔ [illegible] کے تبصرے نہیں بلکہ [illegible]
[illegible]

انجمن ترقی اردو اور استاد امام الدین

کھلا جب سے دفتر ہے اردو ادب کا
مقابل میں نکلا ہے حاسد نہ جب کا
ذرا قوم کیا جانے شستگی کو
مانا ہوا ہے یہ اصول کب کا
وہ زبان پہنچ جاتی ہے اوج و فلک پہ
لگا جس پہ ہو زور جگر و قلب کا
یا خدا ان کو زندگی تو دائمی عطا کر
جو کہ حساس رکھتے ہیں قوم و مذہب کا
صدا ہم بیانگ دہل دے چکے ہیں
مشاق تقاضا جہد روز و شب کا
ہماری صفاں سے نسبت نہیں رکھتے
نہ شیشہ سکندر نہ شیشہ حلب کا
پڑھے وثیقے بزرگوں کے دیکھے
ملک میر پتا ہوں حسب و نسب کا
تجزیہ کے دیکھا ہے استاد ہم نے
عامل عمل کا ہے طالب طلب کا

دیگر

ہمارا یہ جو شخص لگائے گا سرمہ
سے حق کا جلوہ دکھائے گا سرمہ
مقوی بصر ہے ممیرے کا ثانی
نظر تیز روشن بنائے گا سرمہ
سرخی چشم و ر پ بال گرے
کبھی دھند جال گو ائے گا سرمہ
پانی ہو جاری یا خارش پڑی ہو
ہر اک دکھ درد کو اڑائے گا سرمہ
ڈھلکہ ناخوز شب کوری پھول
نہ کیا کیا بیماری مٹائے گا سرمہ
حقیقت میں سُتو نور خد ہے
جو قوت بصارت بڑھائے گا سرمہ۔

دانت اور منجن

جس جس طرف کو یہ جاتا ہے منجن
عجب جوہر اپنے دکھاتا ہے منجن
گو کس قدر ہوں بھی میلے کچیلے
سبھی ریشہ بلغم گواتا ہے منجن
کلیاں چنبیلی جواہرات و موتی
ستارے فلک کے بناتا ہے منجن
چمک در بننے میں مانند چاندی
اک دو دفعہ جو لگاتا ہے منجن
سرد گرم ہونا مسوڑوں کا دکھنا
درد و ہجر فوراً مٹاتا ہے منجن
کیڑے بچوڑ کی نسبت یہ ستود
ہاتھوں پہ سرسوں جماتا ہے منجن

؎ منجن بھی 'تاؤ صاحب' کا تیار کردہ ہے۔ ۲۔۵م (خ،د)

بخدمت سمندر خان سپرنٹنڈنٹ دفتر کمشنر راولپنڈی

سمندر خاں کی خدمت میں پڑا ہے ایک کم میرا
گر وہ ہو گیا جلدی تو مٹ جائے گا غم میرا
سمندر صفت رکھتے ہو تو اک قطرہ عطا کرنا
رہے گا پھر ہمیشہ سے سر تسلیم خم میرا
بیڑا پار ہو جاوے گا تب بحر و سمندر سے
جب عادل خاں سنا دیوے گا سب نثر و نظم میرا
چالیس سال گزرے ہیں میدان شعر میں مجھ کو
مگر اب تک نہیں پہنچا بلندی پہ قدم میرا
ہزاروں سن چکے افسر قصیدے غزل کو پھر بھی
کسی کو نہیں محسوس ہوتا ہے دکھ درد و الم میرا

اسیرانِ سپیشل جیل گجرات میری یاد میں

نوٹ: ۱۹۴۲ء میں سیاسی قیدیان سپیشل جیل گجرات نے یومِ استاد منایا۔ ایک نہایت شاندار مشاعرہ جیل کے اندر منعقد کر کے استاد صاحب کی مدح میں قصائد و مضامین پڑھے گئے۔ اس موقع پر استاد صاحب سے بھی خواہش کی گئی کہ بنفسِ نفیس مشاعرہ میں شریک ہو کر اپنے تازہ بتازہ کلام سے حاضرین کو مستفید فرمائیں۔ اس دعوت کے جواب میں حضرت استاد نے مندرجہ ذیل نظم تحریر فرمائی۔ مشاعرہ منعقد کردہ بالا کی مکمل و مفصل روئیداد گجرات گزٹ میں شائع ہو چکی ہے۔ (خادم)

یہ سنتا ہوں اسیرانِ محبت یاد کرتے ہیں
مری نظمیں گدل پڑھ کر دلوں کو شاد کرتے ہیں
خدا رکھے سلامت با کرامت نوجوانوں کو
مسرت چھوڑ دنیا کی جو جیل آباد کرتے ہیں
سبحان اللہ کیا کہنا ہے آزادی کی قیمت میں
عزیز و اقربا اپنے جدا اولاد کرتے ہیں
خداوندا یہ کیا حکمت ہے آزادی کے لفظوں میں
جو لاکھوں لکھ پتی اپنی ہستیاں برباد کرتے ہیں
درخواست ملاقاتی ضروری آپ نے دی تھی
مگر افسوس منظوری نہیں صیاد کرتے ہیں
خدا دے حوصلے صبر و قناعت آپ لوگوں کو
بدرگاہِ خداوندی میں ہم فریاد کرتے ہیں
جرأت بڑی دلیری سے گزر جاتے ہیں دن ان کے
مصیبت رنج میں جو کہ جگر فولاد کرتے ہیں
مجھے ٹیچر نہ سمجھو تم کسی سکول و کالج کا

تخلص ہم جناب والا فقط استدعا کرتے ہیں

بخدمت خورشید محمد صاحب سابق ڈپٹی کمشنر گجرات

خوش خلق آتا نہیں کمشنر بار بار
کب چڑھے اوج فلک پہ وہ اختر بار بار
بے تعصب بے ریا پبلک کے حق میں بےمثال
دیکھ کے قابل ہے یہ شیر غضنفر بار بار
ہو نہیں سکتے ضلع گجرات میں بندہ نواز
ایسے چیدہ و برگزیدہ اعلیٰ افسر بار بار
روز شب چشموں میں ہے جبکہ تصور آپ کا
کیوں پھروں میں باب عال پہ یاد دفتر بار بار
بندہ پہ ور مجھے مجھ کو تو میں ان سے نہیں
بن پڑے جو چڑھے جاتے ہیں سر پہ بار بار
جب گیا میں وہ مئی کی تیسری تاریخ کو
آتے نظر تھے ہر طرف اہل مدد بار بار
جب ملاقاتی کی تھی کرسی عزت مجھے
بس فقط میں دیکھتا تھا چہرہ قیصر بار بار
ہو سکے اُستاد کب ایسا شرف حاصل کرے
میری قسمت اور مقسوم و مقدر بار بار

بخدمت نصیر احمد صاحب سابق ڈپٹی کمشنر گجرات

نصیر کی آمد ہے کہ رحمت ہے خدا کی
ب ہم کو ضرورت نہیں کچھ ظل ہما کی
پبلک بھی یک صف میں ہے حکام وقت بھی
یکساں ہوئی حالت ہے آج شاہ و گدا کی
نسبت کسی نسبت نہیں ہے بیں و شمع سے
ہمسر ہے شکل جب کہ یک برق ضیاء کی
وقت شب قدم ہیں قبل چومے
عادت ہے ہر طرح سے جود و سخا کی
ان کی گفتگو سے ملتے ہیں سامان زندگی
بیمار کو حاجت نہیں رہتی ہے دوا کی
پژمردہ دل ہوں جس قدر حاضر کبھی ہو نہیں
ہر شہر گلی کوچہ میں کردو یہ منادی
خاموش سا رہتا ہوں پہ استاد آج کل
تیزی ہے طبیعت میں مثل زیب النساء کی

ملک معظم جارج پنجم کی جوبلی

الفت بڑھانا اس طرح محکوم و حاکم چاہیے
رسمل منانا جو تھی ملک معظم چاہیے
عیش و عشرت کی صدا گونجے فلک کے زیر بار
یک محفل مجلس و جلسے منظم چاہیے
تحصیل و تھانہ ہو گاہ قصبہ بہ قصبہ گاؤں بہ گاؤں
ہر ملک ہر شہر میں یہ جشن بزم چاہیے
چھوڑ کر خاص سبھی وقتی کاروبار کو
جارج پنجم تذکرہ ہونا مقدم چاہیے
جہاں تلک بھی ہو سکے ہرگز نہ تم غفلت کرو
بادشاہ کا حق ادا کرنا مسلم چاہیے
ہو رہے گا یک دن یہ کام عظیم شان بھی
مستقل پختہ ارادہ دل میں عزم چاہیے
ہر شخص اپنی دکھا دے اس وقت زندہ دل
رنگ برنگ ہوئے تماشے ور طلسم چاہیے
ہے ذرا تاد کی سے یا خداوند کریم
جھولتا برطانیہ کا دم پرچم چاہیے

اے آر پی کا شکر

کھلا محکمہ جب سے اے آر پی کا
دخل ہو گیا اس میں ہے ہر کسی کا
مرو کام جلدی عزیزو بزرگو!
وقت یہ نہیں مطلقاً دل لگی کا
لاکھوں کروڑوں ہی بھرتی ہوئے ہیں
رہا نہ تمیز اس میں پی ہچ ڈی کا
جوشِ محبت یہاں تک دکھا دو
فرق نکلے ہرگز نہ اک فیصدی کا
یہی راستہ ہے بچاؤ کا تیرے
طریقہ جدوجہد کوشش سعی کا
مقابل میں نکلے وہ میداں میں آکر
دعوی ہو جن کو بڑے ہمسری کا
برتی ہنا سا بیوہ ہو رہا ہے
جرمن جاپان ور ٹی کی دھی کا
خبردار ہوشیار اُستاد ہو جا
وقت یہ نہیں تھرتھری بزدلی کا

نوب سر فضل علی مرحوم کی یدمیں

کیوں نہ ہو صدمہ دوں کو غم الم رنجو ملال
صحب بہادر فضل علی خں کر گئے جو انتقال
سن تبال انیس اکتوبر جمعہ کے روز بجے
آئی ہولی لے گئی آ قفس تن سے روح نکال
تحقیق سے پوچھ جب ن کی زندگی کا پتہ
کچھ بتاتے تھے پچھتر اور چھتے کی سال یوں تو دکھوں چال
رہے ہیں ن کے نقش قدم پہ
پر یہ نکلے یک ہی تھے سرسید کے ہم خیال
وائسر ؤ ات جن کے باب سال پہ آئے
تھی شمع آجرت یہ یک ہستی بے مثال
ک کمشنر کے نائش فسر تعلیم گے
جن کی خاطر جگمگاتی بجلیں شب کو مال
صد آفریں تحسین کے قبل ہے ن کی زندگی
کام یسے ر گئے جو سخت تھے مشکل محل
آسکے ہولی متقابل سیتی میدں میں
س کی طاقت کس کی ہمت ور تھی کس کی مجال
یک دو شخصوں نے ڈٹ کر سامنا کیا بھی تھ
لیکن آکر ہوگئے سہرب ور ستم اور زال
یک ہستی یہی چل گئی فسوس دنیا میں جو تھی
ہیرے موتی کے برابر ور کہ یاقوت و ل ل
یہ سب نتیجہ آپ کی کوشش جدو جہدی کا ہے

بک رہا ہے سنٹرل جو اس وقت دولت اچھال
مطلقاً ہو گا نہ ایسا لاہور و دلی میں کوئی
اس قدر اعلیٰ بنا کاٹج زمیندار کا حال
کاٹج نہیں فردوس ہے اک گلشن ہستی میں وہ
خوشنما لگتا ہے جس کا پتہ پتہ ڈال ڈال
خاصے اس تعمیر کے بانی مبانی بھی ہوئے
بن گیا ان کا خدا ہے خاص کر مسجد کے نال
چھپ گئے گورو کفن میں آہ حسرت واویل
جو کبھی تھے آفتاب اور کہ برق جمال
سرکاری کھرتی دے چھجے میں آج تک یہ بیس ہزار
جوڑینگ پل ہو تو مصروف میں جنگ و جدال
صدر ہونے کی وجہ سے بن گئے فوق البشر
اس سے چومے قدم اقبال اور جاہ جلال
کام ڈسٹرکٹ بورڈ کے سب پنجہ قدرت میں تھے
پران پہ غور سے کرتے ہمیشہ دیکھ بھال
حکم حاصل کے سبب سے راست بازی میں رہے
ورنہ لاکھوں بھر کے لاتے چاندی و سونے کی تھال
استاد ان کی ذات بابرکات کو بخشے خدا
بہتر گذرہ جن کا سب سے مستقبل ماضی و حال

وزیر اعظم سر سکندر کی یاد میں

کیا کیا تو نے غضب ہے اے زمین و آسمان
خاک کر ڈالا ہے تو نے ہماری خوشیوں کا جہاں
کل تلک تھا حکم حاصل جاہ و حشمت لیکن آج
زندگی اور موت کا ہے سر سکندر کی عیاں
قوم روتی دمبدم ہے اور عزیز و اقربا
ہو رہا ہے ہر طرف نالہ بکاہ آہ و فغاں!
کیا بتائیں پوچھتے ہیں دوست و احباب کیا
آج گزرا ہے ہمارا اکبر و بابر ہمایوں شاہجہاں
افسوس حسرت یاس ہے کہ ایسی ہستی چل گئی
جس کا ستارہ اوج پہ چمکا مثال کہکشاں
سے گلستان محبت سے قمر سے آفتاب
ہر بشر کی چشم ہے ماتم میں تیرے خونفشاں
مشرق و مغرب تلک آیا نظر ہم کو یہی
ہر ملک ہر شہر میں کہ حشر و محشر کا سماں
نہ دیا تقدیر نے موقع وصیت کا تجھے
ہو گئی ہے موت تیری آہ اچانک ناگہاں
افسوس بکھوس اس جگہ پہ فتح خوانی ہوئی
ہو رہے تھے جس جگہ پہ خاص جیسے شادیاں
مانا کہ تو اس عہد میں سکندر ثانی ہوا
بڑھ گئی سکندر اعظم سے لیکن تیری شان
فیض پہنچاتا تھا قبلہ! ہر کس و ناکس کو تو

جب کبھی ہوتا تمہارے خُلق کا بحرِ رواں
درحقیقت سو رہے ہو تم عدم کے خواب میں
بلبلیں گل رو رہیں خون کے آنسو یہاں
سب حکم احکام تیرے رز سے ہوتے رہے
یک تھی بلکہ تمہاری اور حکومت کی زباں
کیا مدبر کیا ہی ماہر عقل و دانش کے دھنی
سب زمانہ کر دیا تیری سیاست نے حیراں
جب چلے تیرا جنازہ پی اے ایم اے تھام کر
چک لیا بردوش امراء و رئیس و افسراں
ہندو و مسلم سکھ عیسائی بہت تھے انگریز بھی
کم سے کم ک دکھ ہو گا بچہ بوڑھا نوجواں
کیسے فخر کی بات ہے ں خطہ پنجاب میں
بے مثل تھے یک تم ہی سلطنت کے حکمراں
کیا ہی قسمت ہے تمہاری کیا نصیبا تیز ہے
قبول جیسے مل گیا سفر عدم میں پاسباں
کس کا جگر و حوصلہ ہے اس قدر تاب و تواں
کون سُن سکتا ہے تیرے زہرِ غم کی داستاں
کن بتائیں ماہ دسمبر کی ستائی یاد ہو
ہو گیا مُستاد تیرا خاص کر مرثیہ خواں

ڈاکٹر اقبال کی یاد

۱۹۳۸ء کی سو مجھتی کو کیا دیکھتے ہیں
مرگ اقبال موت و قت دیکھتے ہیں
شہادت کا کلمہ پڑھا دیکھتے ہیں
روح تن سے ہوتی جدا دیکھتے ہیں
دم بدم شور و محشر بپا دیکھتے ہیں
صد نالہ آہ و بکا دیکھتے ہیں
ہے افسوس جاتا ہے سوئے عدم کو
آج ملت کا ہم نا خدا دیکھتے ہیں
چھایا اندھیر ہے سب کی نظر میں
شمع گیس قومی بجھا دیکھتے ہیں
سو لاکھ آدم ہجوم خلق تھا
سبھی پڑھتے صلی علی دیکھتے ہیں
موجودہ وقت میں مگرن کا ثانی
ہم ولی نہ قطب ولیاء دیکھتے ہیں
باغ و بہاری ہے ڈاکٹر کا مرقد
جس پہ دروزہ جنت کھلا دیکھتے ہیں
فقط یک ہستی جلیل مقدر تھا
جو دنیا سے اب چل بسا دیکھتے ہیں
زیارت کیا جب سیاس کفن میں
تو زندگی سے جلوہ سوا دیکھتے ہیں
خدا سے ہزاروں علامہ کی خاطر

مانگتے مغفرت کی دُعا دیکھتے ہیں
لاکھوں میں سے پر اقبال جیسا
ملے گا نہ ہم پیشو دیکھتے ہیں
جد صدیوں کے ہوتا ہے پی مدبر
یہ قانون قدرت کا . دیکھتے ہیں
تھی رعب و جلالت تیرے دم قدم سے
اب تو بزمِ سخن بے مزہ دیکھتے ہیں
مرزا محمد سر اقبال مرحوم
شاہی مسجد کے متصل بنا دیکھتے ہیں
شیر ناحر نے خون پی لیا ہے
تیرے غم میں ہم غم غذا دیکھتے ہیں
ہندوستان کی بد نصیبی ہے ستود
جو عظیم فلسفر مٹا دیکھتے ہیں

یومِ اقبالؒ

چار بجے شب کے یہ آیا دماغ میں خیال
کہ آج صبح کو ہونے والا ہے یومِ اقبال
کہے کچھ اس کی نسبت کہ جس کی شاعری نے
دھوم مچا رکھی ہے شرق غرب جنوب شمال
گوئٹے ٹیگورے اور کہ ملٹن شیکسپیئر
مقابل میں آئیں ان کی کیا طاقت اور مجال
اور شاعر بھی ہم کو نظر آتے ہیں اختر فلک کی طرح
لیکن آپ تو ایک طرح کے ہوتے ہیں بدرِ کمال
آج خوشی منا رہے ہیں بڑے بڑے بی اے، ایم اے
تمام کالج و مدارس اور کہ دنیا کے سکول و سکال
انی سوچتی کو میں نے زیارت کا شرف حاصل کیا تھا
بس دیکھنے میں یہی معلوم ہوتا تھا کہ رستم و زال
کسی شخص نے امام اعظم اور کہ حنبل کا مسئلہ چھیڑا ہوا تھا
لیکن آپ جواب بھی دے رہے تھے اور حقہ پیتے تھے نال نال
جس طرح استاد غالب نے رنگِ مجاز کو ختم کیا ہے
اس طرح ختم کر دیا ہے قومی رنگ کو اقبال

غالب کی یاد

غالب کا جب تذکرہ کرے کوئی
خون کے آنسو بہا کرے کوئی
آہ ہوئے ناقدر دانی کا شکار
ب سوا رونے کے کیا کرے کوئی
چل گئے حسرت وہیں کو لے کر
ب کیسے پیہ نقش وہ کرے کوئی
فلک کو پہنچی تیرا تخیل
کیا اندازہ دل و دماغ کا کرے کوئی
تیرے چرچے کا زمانہ آگیا ہے
ن کی مرقد پہ جا صدا کرے کوئی
تیر ے سخن کلام کے سوا لطف نہیں
گو کس قدر اچھ طرز ادا کرے کوئی
آپ بزرگ با اختیار ہیں قبلہ
بخش دو گر خطا کرے کوئی
شہرہ مشکل ہے آپ سا استاد
دکھ بانگ دہل یا بانگ در کرے کوئی

جناب ظفر علی خاں گجرات میں

پوچھو نہ زورو طاقت و قوت ظفر علی
ہر دل پہ کر رہا ہے حکومت ظفر علی

جی جی کہ مرنا ور کہ مر مر کے جینا پھر
کیا ہے معجزت و کرمت ظفر علی

ت کی نگاہ میں کچھ بھی حقیقت نہیں ورنہ
حق ہے تاج ملک و ریاست ظفر علی

کیا لے سکیں مناسبت عالم کے شہنشاہ
کچھ ان سے بالاتر ہے سیاست ظفر علی

لعل و جواہرات سے ہرگز نہ دے سکیں
ہم سے جو پوچھے کوئی بھی قیمت ظرف علی

ولی نہ ولیاء قطب ہی دکھ سکے
دکھاں ہے جو کہ صبر و قناعت ظفر علی

کیا کیا غم و آلام مصیبت جہان کی
ٹھ رہے ہیں وسعتے مدت ظفر علی

ثانی بنگال بنک ن کا دل و دماغ
دیتے ہیں جہاں سے علم کی دولت ظفر علی

اُستاد امام الدین حکومت کے لباس میں

ناجائز کشش رکھتا ہے کیوں ملک ہندوستاں کا
جو کہ مشترکہ آبادی ہے یہاں ہندو مسلماں کا
اگر رکھو گے بدامنی ہمیشہ گرد برٹش کی
تو منہ دیکھو گے تم کسی دن بھی زنجیر و زنداں کا
نوازش ہے میری تم پر مگر جس دم غضب آیا
اُڑا دوں گا گل و بلبل یا غنچہ ہو گلستاں کا
یہ مادے کا زمانہ ہے رُوحانیت گئی گزری
نہیں ہے وقت اب بالکل یہ خنجر تیغ براں کا
اگر سمجھو تو یہ دنیا بھی اک گلزار و جنت ہے
نظارہ ہو رہا ہے ہم کو نہیں حور و غلماں کا
فقط یوسف حسین تھا جلوہ گر سابق زمانے میں
ہر بشر نظر آتا ہے اب مہر درخشاں کا
تجسس کر رہے ہو کیا حقیقت معرفت کی تو
کرشمہ ہے یہ یک عالم سمجھ لے چشم یزداں کا
ازل سے پوشیدہ خستگی میری بناوٹ میں
ہیولیٰ برق خرمن کا ہے خون گرم دہقاں کا

گیس اور شمع

سچ جب گر بشر تمہیں کچھ عقل و ہوش ہے
اس وقت کی دنیا بھی فتنہ فروش ہے
ذرہ ذرہ زمیں کا تہ و بال کیا!
ب تو سر فلک پہ بھی جانے کی کوشش ہے
حیرت نگیز کیا ہے یہ قدرت کا سلسلہ
ہے نیگوں کبھی تو کبھی سرخ پوش ہے
افسوس مذہبی باتوں پہ پانی ہے پھر گیا
منطق فلسفہ سائنس کا جوش و خروش ہے
قیامت تلک تو ٹھنا ہی دشوار ہے جس نے
تیری محبتوں کا کیا جام نوش ہے
اس درویش ور فقیر سے یکدہ کسی کو کیا
مجبور گفتگو سے جو مست و بیہوش ہے
نکالے جناب یہ موقع نہ ٹالے!
گر تیری کچھ اور طبیعت میں جوش ہے
جلتا مشال گیس ہوں تا کہ نہ کہے کوئی
کہ شمع رہ گئی ہے سو وہ بھی خموش ہے

پاؤنڈ، نوٹ، چاندی، سونا

کھیلتے ہیں آج غیر سے وہ
میں جن کے ہاتھ کا کبھی کھلونا تھا
اک مدت کے بعد ہجر ہو نصیب
کیا کبھی انقلاب ہونا تھا
میں سمجھ گیا آپ کی طرز ادا سے
کہ بحر غم میں ہم کو ڈبونا تھا
تین سال دیکھتا رہا ہوں کمیٹی کی حالت
کہ تین پائی کے ٹین پر لگتا یار گونا تھا
پبلک تماشا ہے ایک افسر کی جفا کاری پر
اگر میں بھی ہوتا یہی پیٹنا اور رونا تھا
میں بوجہ خودی ہر چیز تیار رکھتا تھا
لیکن بعض محررین کے پاس نہ لحاف نہ بچھونا تھا
اب کمیٹی کے پاس کچھ بھی نہیں مگر جیب میں تھا
پونڈ نوٹ اور کہ چاندی یہ سونا تھا
ڈسو ب نال جالندھری دروازہ کے باہر استاد
ہو گیا جو کچھ کہ تمہارے مقدر میں ہونا تھا

جالندھر کوتوالی میں گیس کا لیمپ جلتے ہوئے دیکھ کر یہ بات لگائی گئی کہ شمع کی روشنی جس کے مقابلہ میں تھوڑی ہوتی ہے۔ نئی نمائش ہوتی ہے اگر جس پیدا روشنی ہونے کے بعد وہ شمعوں کی آورش کی جاتا ہے۔ چاہیئے تھا کے مقابلہ میں شمع رکھا جاتا ہے ورنہ بجلی روشنی میں مقابلہ مقصود ہوتا تو بجلی کا لیمپ رکھا جاتا (خادم)

عشق کا تماشہ

مجھے تم پوچھتی ہو سے قضا کیا
نہ ہو مرنا تو جینے کا مز کیا
جب گاتھے گئے ہو تم میرے ساتھ
تو پھر رکھنا ہو شرم و حیا کیا
تیرے دم وسطے سب مال و دوت
بھلا چاہتے ہو اس کے ما سوا کیا
تیری فرقت میں نذر ناز ہو گئے
صحت و تندرستی اور شفا کیا
خو ہے میں تم کو چوموں یا ماروں
محبت میں نہیں ہوتا رو کیا
وہ بیٹھے ہیں وہ زانو کے نیچے
وہاں پھر تلملانا تڑپنا کیا
عشق ت کا تماشہ بن گیا ہے
سدا ہے چپقلش ور کچھ بھلا کیا
تجسس تھا تبھی استاد آئے
ہم حاضر ہیں تمہارا ڈھونڈنا کیا

۱۔ ۲۵ سال [illegible] استاد صاحب کی ملازمت [illegible] کیمسٹری کا [illegible]۔ ۲۔ کیمسٹری کا [illegible] قاعدہ
کہ [illegible] ہوئی شخص [illegible] کی مخصوص [illegible] حدود میں [illegible] تو اس
سے [illegible] مخصوص [illegible]۔ ۳۔ [illegible]۔ ۴۔ عقل سے
چوری وسوسا۔ ۵۔ [illegible] کا نام [illegible] استاد صاحب نے کیمسٹری سے [illegible]

آفتابِ قیامت

اس کی فرقت کا ہمیں سینے میں جو سل ہے
غم و اندوہ کا خوگر مرا رقت زدہ دل ہے
آفتابِ قیامت ہے کہ رخِ تنویر ہے اُن کا
جس پہ کہ کوئی داغ و دھبہ ہے نہ تل ہے
شہادت پہ ان شخص کو ہم فیصلہ دیں گے
جن کے پاس کوئی اشعام ورکہ پیچک ہے نہ بل ہے
علم کی دولت سے ہو اوج و بلندی پہ گزر
شرم ہے اس کے سے جو شخص کہ صفر وتل ہے
زہرِ قاتل ہوں مجھے اس نے چھوتی ہی نہیں ہے
ہر جگہ ورنہ ہو آتش و آب و گل ہے
یہ زمانہ سے نمائش کا عزیزان و بزرگان!
کوئی چیز گر اس وقت باطن ہے تو باطل ہے
حاضرین اختر نہیں بھی پنڈت صاحب ہیں چاند
مشاعرے کا ہمارے اس وقت سمجھو تو جنرل ہے
اُستاد بھی غالب و قبال سے کمتر تو نہیں
گر اُدھر بانگ در تو دھر بانگ دہل ہے

محبت کی قیمت

آرزو خیال کا ہوں میری بد کو
خزاں کا دور رہے یہ بہار آجائے
خوف کھاتا میرے سے حرم ہے
خوہ آگے صیب و در آجائے
محبت کی قیمت و کرتا ہوں
کسی کے رُخ روشن پہ مجھے جو پیار آجائے
نہ پوچھو گیسوئے تابدار کی نسبت
میر ذمہ جو قابو میں وہ رعب یار آجائے
آئینہ سکندر کی کیا ضرورت ہے پھر
نظر تیر گر مجھ کو رُخ نور آجائے
غضب میں آدمی آئے تو چہر میں
کلیسہ مسجد و مندر و دیوار آجائے
رب العزت کی خدمت وہ گستو کرتا ہے
کہ لکڑی کی فروخت کا دیا ادھار آجائے

ارض و سما کی چکی

یہ کس گردش سے مانند چکی ہے،
سو اس کے بیچ ارض و سما کیا ہے
شیاء دنیا خود سے ہو ختم
ہو رہی ہے دن رات چکی پیا کیا ہے
ہزروں برس جیسے مختصر موت
مقام فنا ہے یہ بقا کیا ہے
پہلی پیشی قبل دوسری نکار
بتاؤ اس جرم کی سزا کیا ہے
میرے آنے جانے کا یہاں ہر روز
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے!
مشین گن توپ بمباری کے آگے
تیغ و خنجر چاقو چھری ستر کیا ہے
نہ عیال نہ مقتل نہ دوستو احباب
بس تمہاری ذات کے سوا میرا آسرا کیا ہے
جوانی سے بڑھاپے میں آیا ہوں استاد
بند تو چھپی تھی دیکھئے تنہا کیا ہے

ریڈیو

پوچھتے ہیں مجھ سے وہ کیا چاہیے
زینت و زیبائش و زیب چاہیے
مسجد ومندر کلیس دو ع
ب تو تھیٹر سینما فلمی تماشہ چاہیے
باپوزیشن سر برہنہ رات دن
قدمِ آدم دیکھنے کو آگے شیشا چاہیے
پُرتکلف عیش و عشرت کے لیے
مال و دولت چاندی سونا دام پیسہ چاہیے
چا بجائے چارپائی کی جناب
کرسیں، صوفے غلیچہ چاہیے
مختلف قسم کی تصویر سے
ہال کمرے کو سجانا چاہیے
سن سکو سب ملک کی چیزیں تمام
خاص کر ریڈیو بھی ک گانا چاہیے
ت جبینوں کے سے ستاد جی
چاہیے ول بھی چھ چاہیے

نقل مطابق اصل دوست و احباب خادم

مشاعرہ اور گڑبڑیشن

ایک دفعہ بعض غیر ذمہ دار نوجوانوں نے نارمل سکول کے ہال میں ایک مشاعرہ کا انعقاد کیا۔ حاجی لق لق صاحب لاہور سے آئے ہوئے تھے مگر منتظمین کی عدم ہیئت کے باعث بے حد شوروغوغا ہوا۔ مہمانوں کے سامنے حد درجہ فضیحت ہوئی۔ استاد صاحب بھی اس شرارت نازیبا حرکت سے مصئون نہ رہ سکے۔ اس مشاعرے کے متعلق استاد صاحب نے حسب ذیل نظم کہی۔ خادم

ہوا مشاعرہ بجائے ٹاؤن ہال کے نارمل سکول
آج بھی کم نہیں کسی مرتبے لیکن وہ بھی منتظم تھا معقول
مہذب جماعت ہر طرح امن و شانتی سے بیٹھی تھی اندر لیکن
باہر شور و غوغا ڈال رہے تھے بعض لوگ نالائق مجہول
بعض لوگ سیٹی بازی کرتے تھے اور آوازے کستے تھے شوریدہ سر
بعض دروازے کھٹکھٹاتے اور مرغوں کی طرح اڑاتے خاک دھول
حیرانی پریشانی کے سبب تمام سلسلہ درہم برہم ہو گیا گویا
گیس، کانٹے، تکیے، دریاں، میز، بنچ، کرسیاں اور ڈول
پھر بھی شریر النفس آدمیوں کو ہدایت و عبرت ہو تو بہتر ہے
ہم لوگ بددعا نہیں مانگتے کہ ان کو غرق کرے خدا رسول
مثل مشہور ہے زمانے میں اور تمام لوگ جانتے بھی ہیں
کہ خار بھی ہوتا ہے وہاں جہاں ہوتے ہیں غنچہ کلی اور پھول
بیوقوف احمق لوگ لڑائی جھگڑے میں پڑ کر کشت و خون کرتے ہیں
لیکن لائق آدمی خاموشی سے کام لیتے ہیں اور نہیں کرتے جنگ و جدول
ناقدر دلی زمانے کا شکار ہو گیا ہوں استاد ورنہ
میرے شعر و سخن فروخت ہو سکتے تھے ہیرے جواہرات کے مول

خونِ عاشقانہ

تقاضہ عشق کا ہے برملا اس کو نہیں کہتے
لگا کر دل ہٹ لینا وفا اس کو نہیں کہتے

دنیا مر لینا، نرالی چال ہے ان کی
اصل منہ چومنا ور چم چما اس کو نہیں کہتے

گلِ رخسار پہ میں نے رکھی انگلی تو وہ بولے
محبت میں ہوا ایسا خطا اس کو نہیں کہتے

مجھتے ہیں لگا رکھی ہے مہندی اپنے ہاتھوں سے
یہ خون عاشقانہ ہے حنا اس کو نہیں کہتے

بدی میری رقیبوں سے مذاقاً کر رہے تھے وہ
کوئی شکوہ شکایت ہم گلہ اس کو نہیں کہتے

تمہارے حسنِ خنجر سے ہزاروں کٹ مرے پھر بھی
ترا کوچہ ہے جنت کربلا اس کو نہیں کہتے

حسیں ہے وہ زمانے کا جو ناز انداز کو جانے
جو ہو نخروں سے خالی دلربا اس کو نہیں کہتے

تمام عالم کے عالم بول اٹھے یکزباں ہو کر
کہ کیا استاد ور ملک الشعراء اس کو نہیں کہتے

اُردو زبان کا لشکر

ہندی پنجابی گورمکھی سنسکرت کہاں کی ہے
سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے
ہرگز نہ مٹ سکے گی مٹانے سے کسی کے
شاباش و آفریں اس کو شاہجہاں کی ہے
چل رہے ہیں دنیا میں دفتر اسی طفیل
دلچسپ دل پسند یہ ہر نوجواں کی ہے
روئے زمیں کے مسلم ہی معاون نہیں اس کے
امداد اس کو اور بھی سات آسماں کی ہے
دن رات چل رہے ہیں اخبارات و رسائل
بہتر ہی کے دم سے تو حیات یہاں کی ہے
حکام وقت بولتے وکلاء ڈیر سٹر
منشی متصدی اور کہ ہر شغل خواں کی ہے۔
دشمن ہمیشہ کرتی ہے اردو کی فوج موج
دیگر زبان سمجھ تو نام و نشاں کی ہے
کیا کہہ سکوں استاد میں دودو دانش کی بات
تیری طبیعت ثانی گوہر فشاں کی ہے

نئی تعلیم کی عورتیں

(۲۸ نومبر ۱۹۳۳ء کو ایک شاندار مشاعرہ زیر صدارت خان بہادر مہر لحق صاحب سیشن جج سیالکوٹ سنٹرل کوآپریٹو بنک گجرات کے وسیع ہال میں منعقد کیا گیا۔ جس میں جناب ستاد صاحب نے مندرجہ ذیل نظم پڑھ کر سنائی۔ (خادم)

کیا کیا نہ کام کر کے دکھاتی ہیں عورتیں
جا کر سکول و کالج پڑھاتی ہیں عورتیں
نقشہ کشی علم کی توجبرے کے سوالات
عبارت بھی رنگ برنگ لکھاتی ہیں عورتیں
ایف اے تلک گئی کوئی بی اے، ایم اے ہوئی
اس کے سول سنڈت کو بھی جاتی ہیں عورتیں
حیران گھر کے ہوتے ہے سب دیکھ دیکھ کر
بیکی آزاد پھرتی پھرتی ہیں عورتیں
کھانے پکانے سینے پرونے تک ہی نہیں
حکمت و ڈاکٹری بھی سکھاتی ہیں عورتیں
ہوائی جہاز وریل کی نسبت نہیں معلوم
گھوڑ سائیکل موٹر چلاتی ہیں عورتیں
چل ر چکی ہیں وکالت بیرسٹری
عدالت سے فیصلے بھی دلاتی ہیں عورتیں
تیزی سے چکی ہے یہ میدان عمل میں
وعظ و نصیحت لیکچر سناتی ہیں عورتیں
عینک لگائے ہاتھ میں چھتا لئے ہوئے
یوں دفتروں میں جاتی و آتی ہیں عورتیں

اعلیٰ سے اعلیٰ افسر کا ایسا نہیں ہوتا
جو رعب ڈانٹ شانٹ جتاتی ہیں عورتیں
کر کر کے یاد خوب طریقہ تعلیم کا
کالج میں پروفیسر کہلاتی ہیں عورتیں
ناچ گھر میں ناچتی ہیں سینہ تان کر
تھیٹر و سینما میں بھی جاتی ہیں عورتیں
غلے نہ آئیں کس طرح غصے بہشت کے
عرق گلاب سے غسل فرماتی ہیں عورتیں
برہنگی پوشاک میں ہوتی نہیں تمیز
کچھ اس قسم کا تن کو چھپاتی ہیں عورتیں
دیکھی نہ سنی ہو گی کبھی تان سین بھی
تہذیب نو کی جس طرح گاتی ہیں عورتیں
مغربی تہذیب میں بوسہ تھا برملا
اب تو یہاں چومتی چماتی ہیں عورتیں
ہر اک طرح سے کرتی ہیں مردوں کی ہمسری
سگریٹ بھی چٹ پٹ بھی کھاتی ہیں عورتیں
کیسی یہ فٹ بتاتی ہیں بالکل مثال گیند
ٹینس سے کس کے سینہ و چھاتی ہیں عورتیں
ڈنڈے و ڈنڈ بیلیں کو بھی ہمراہ لئے ہوئے
ٹھنڈی سڑک پہ گھومتی گھماتی ہیں عورتیں
کیا کر سکیں مقابلہ کوہ قاف کی پریاں
ایسا لباس فاخرہ پاتی ہیں عورتیں

وہ کس کو کہتے ہیں حورِ بہشتی
ہوش و حواس جن کے گنواتی ہیں عورتیں

ان کی دانائی وجہ پہنچتی ہے آج کل
مردوں کو عقل و ہوش سکھاتی ہیں عورتیں

کرتی ہیں مات پیرس لندن کے حسن بھی
چہرہ جب آفتاب چمکاتی ہیں عورتیں

ساڑھی کو ہر بہر ہے قوس و قزح
کیا آئینہ در تن کو سجاتی ہیں عورتیں

کیسی غضب کی آئی ہے یہ نشرِ تعلیم
مردوں کی طرح بال کٹاتی ہیں عورتیں

اس وقت تہذیب کو شرم و حیا نہیں
فوٹو طرح طرح کے کھنچاتی ہیں عورتیں

اس سے کسی کا اور بھی درجہ بڑھے تو کیا
بندگی عرض سلام کراتی ہیں عورتیں

مردوں کے مطلقاً نہیں خوب و خیال میں
جیسی کہ آج عیش اڑاتی ہیں عورتیں

کشتہ ہزاروں ہوتے ہیں واہ وا شیفتہ
نظر کو جس طرف بھی اٹھاتی ہیں عورتیں

استاد کس انداز سے بیچ سبھا میں بیٹھ کر
ہر موسیم بھی شب کو بجاتی ہیں عورتیں

شفا ہو

ے ذتِ خد یہ میری منظور دع ہو
کہ وقت نزع رخ یہ میر قبلہ نما ہو
دنم ہی تندرتی و ور صحت و شفا ہو
باقی ے وہ قسمت میں جو کچھ کہ لکھا ہو
بیہودگی کی عیش کو کیوں یہ نہ سزا ہو
جنگ سے بدل جائے جہنم تو مزا ہو
ساون بھی ہو مطرب بھی ہو ساون کی گھٹا ہو
جنت سے بد ل جائے جہنم تو مز ہو
معشوق سے کہیے کہ جو مصر رم جفا ہو
ہشق سے سمجھیں جسے شکوہ نہ گلہ ہو
وہ نازنیم کہنے کے قبل نہیں ہوتا
دلکش نہ جس حسین کی انداز و ادا ہو
ہو کھیلو میرے خون سے آج ہولیاں تا کہ
دنیا میں تیر ہاتھ نہ محتاج حنا ہو
دلی و اعلی کام کو ہیں پہ نہ چھوڑو
ب ننگ وہاں ہو خودی تو یا ب ننگ در ہو
پھر کیوں نہ تیری یاد قیامت تلک رہے
اس دنیا میں ے غرض تو اک نقش و فی وہ
کم بخت دل کو روز شہوت کا شوقت تھ
ہم سمجھے ہیں مقتل میں ب دیکھئے کیا ہو
یکی مزے کی لطف وحلاوت ہے عشق ہیں

گرویدہ اس کا دیکھا ہے شاہ ہو کر گدا ہو
مضمون طیش و چپش کے آتے نہیں مطلق
جب تک ، سر پہ عشق کا ، نہ چڑھا ہو
اے جمن ! ہم کو بھی تو ہو جائے آگاہی
کسی حرکت ناچار پہ مدت سے خفا ہو
کیوں تجھے پڑی ہے حقیقت کی جستجو
مارو خودی کو دیکھو پھر تم ہی خدا ہو
ہفتے میں یک یوم بھی خالی نہیں جاتا
جس روز میراث کا تقاضا نہ ہوا ہو
پھرتے ہیں صبح و شام تجسس میں ہمارے
ایسا نہ ہو استاد کہیں موت واقع ہو

ملک برکت علی صاحب نائب تحصیلدار

مجھے یہ تو بتائیے جناب ملک برکت علی صاحب تحصیلدار
کیوں ہو رہا ہے ہر بشر ذوق و شوق سے تیری محبت کا شکار
پٹھوری، گرد و دور تو درکنار بڑے بڑے رئیس عظیم آتے ہیں
چوہدری لوگ تھانیدار اور کہ فوجی جرنیل کرنل صوبیدار
دیگر مال افسر محکموں کے ای اے سی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ
جن کی آمد سے اوج و ترقی پر ہے تیرے باب عالی کا وقار
کوئی دلی لاہور سے آئے یا راولپنڈی لائل پور سے
بس وہ تیرے ہی ڈیرے پہ جاتا ہے مسافر نہ تاہم گزار
شب و روز مجلس گرم رہتی ہے مہمان نوازی کی
اگر ایک دو رخصت ہوتے ہیں تو اور آجاتے ہیں دو چار
کاروبار سرکار دولت مدار کا نہایت جانفشانی سے کرتے ہیں
اس سے بعض وقت گردش و دورہ سے ہوتے ہیں سخت لاچار
اپنی شیریں کلامی سے ہر کس و ناکس سے چندہ وصول کرتے ہیں
جو کہ داخل خزانہ ہو رہا ہے صدہا اور کئی ہزار
آنجناب کی کوشش سے لگا تھا ضلع گجرات میں گورنر کا دربار
جس کے سبب سے کاشتکار زمیندار بن گیا تھا ایک عروس نوبہار

سپرنٹنڈنٹ ملک خلیل صاحب کی گجرات سے رخصت

کیا پوچھتے ہو کہ کیا ہو چلے ہیں
ملک صاحب ہم سے جدا ہو چلے ہیں
خدا کے لئے کوئی ان کو ٹھہرا دو
ورنہ یہ سب دم ہو ہو چلے ہیں
ادھر شوق ہے تیز جانے کی نسبت
مگر دل ادھر سے فدا ہو چلے ہیں
تیرے دم سے قدم سے یہ محفل گرم تھی
اب تو چپ چاپ خاموش سے ہو چلے ہیں
کٹھن تپ ہجر وقت میں ڈالا
چھٹے دوستی حق ادا ہو چلے ہیں
ملی خاک میں سب امیری فقیری
جدا جب سروں سے ہما ہو چلے ہیں
عمر بھر رکھیں گے وہاں پر پریشانی
جہاں پر تیرے نقش پا ہو چلے ہیں
افضل سے پوچھو نہ استاد کچھ بھی
ہم بھی اب تو بے سر ہو چلے ہیں

ننھی ریاض کی یاد میں

استاد صاحب کے بھتیجے محمد یادگار کی خوردسال بچی کی وفات پر کہی گئی۔ محمد یادگار اس وقت جاپانیوں کی قید میں جنگی قیدی کی حیثیت سے مقید ہے۔ یہ بچی اس کی عدم حاضری ہی میں پیدا بھی ہوئی اور فوت بھی ہوگئی۔ خادم

افسوس حسرت یاس ہے ننھی ریاض
پا سکے ڈاکٹر نہ تیرے امراض
چھ نومبر کتالی کو تو پیدا ہوئی
ہے تاسف پانچ اکتوبر بتالی چل بسی
کیا بارہ ماہ کی زندگی ادنی تھی تو
مجھ سے شاید سخت پچھتائی تھی تو
محرق کی تپ نے تجھے بیہوش جانی کر دیا
رنگ سُرخی زرد بالکل زعفرانی کر دیا
آتشی تپ کے سوا نے ساتھ تھا سرسام بھی
جس کے باعث جل گیا تیرا گلا دم بھی
سوچ کر بند ہو گئیں تیرے شکم کی نالیاں
سانس چھوٹا ہو گا اور آنا پڑی کا بیاں
یاد ہے مجھ کو بھی تیرا تلملانا تڑپنا
ور مثل مرغ بسمل پھڑپھڑانا پھڑکنا
جان تیری کھو دیا قہر و غضب کی تاپ نے
تو نہ دیکھا باپ کو تجھ کو نہ دیکھا باپ نے
جب کبھی مجھ کو دکھائی ہنس کر مکھڑا تھی تو
بس یہی معصوم ہوتا چاند کا ٹکڑا تھی تو

سب پڑے میں سُرخ سارے تیرے رنگیں پارچات

بن بنا کر رہ گئے سب چاندی سونا زیورات

جس جگہ پر دیکھتے تھے رونق و چھل بل تیری

ب لگی ہے اُس جگہ پر ماتمی محفل تیری

زندگی کی بستیں برباد کر دیتی ہے موت

ک جہاں نیستی آباد ر دیتی ے موت

محمد یادگار کے نام استاد امام دین کا پیغام

لے گیا تجھ کو کہاں ہے گردش ایام دیکھ
حوصلہ رکھتے ہوئے اب ذات حق کے کام دیکھ

زندگی بخشے خدا تجھ کو خضر الیاس کی
یہ دعا ہم مانگتے ہیں ہر صبح اور شام دیکھ

سب خیریت ہے گھروں میں ماسوا منھی کی ریاض
سو گیا خواب عدم تیرا گل گلفام دیکھ

ایک فرقت تھی تمہاری دوسری تھی ان کی موت
جن کے باعث پی رہے ہیں زہر غم کے جام دیکھ

بہادروں کے کارنامے رہ گئے دنیا میں
پڑھ کے بے شک داستان زال رستم سام دیکھ

ہم نے یہ مانا کہ تم ایک پنچھی دشمن میں ہو
پھر بھی عظمت شان شوکت مذہب اسلام دیکھ

شیر چیتے جنگل و صحرا میں رہتے ہیں مگر
آ بھی جاتے ہیں کبھی نذر وہ قفس و دام دیکھ

عنایت الہی لاہور وہ مر گیا دریا میں ڈوب
اس طرف بھی بھیجتا افسوس کا پیغام دیکھ

ابتدا میں جو بشر سہتے ہیں رنج و سختیاں
آخری پاتے وہی ہیں چین سکھ آرام دیکھ

ہر جگہ ہر ملک میں استاد تیرے ساتھ ہے
کیا حشر ہوتا ہے اب جاپان کا انجام دیکھ

رستم ہند مہندا پہلوان گجراتی کی وفات

چل گیا افسوس مہند پہلو ن
پنے زمانے کا تھا جو رستم زماں
تھا بہت شیر و دلیر ور بہادر دل جواں
جس کا سکہ من گیا ہر نوجواں
خوش طبع ور خوش خلق ور با مذق
اس نے وہ جیتا تھا ہر میداں
سال تر تالی اتی سو دو دسمبر چار تھا
ملک عدم کو ہو گیا جب کہ رواں
بلبلیں گل رو ے ہیں نالہ و فریاد سے
مر گیا ہے جن کے سر سے باغباں
قد و قامت کی بلندی و ر اسکی ڈیل ڈول
پاؤ گے ہرگز نہیں ڈھونڈو و اگر سارا جہاں
نامی گرامی دکھا دیکھے سنے ہونگے مگر
پ یہ لثانی تھا زیر آسماں
ہے دعا ستاد کی مرحوم کو بخشے خدا
ور دیوے بہشت و بوستاں

— [illegible] —

ہٹلر اور سٹالن

ہٹلر کو ایسا دبایا سٹالن
کہ سب ملک اپنا چھوڑ ایا سٹالن
گیا گزر اب دن کہتے تھے لکھوں
نئی زندگی کو پہنچایا سٹالن
آتش نشاں تھا جو جرمن کا لشکر
سب ٹھنڈ کر کے اٹھایا سٹالن
دشمن سبھی بھاگ نکلے ہیں جب کہ
توپ و ٹینک اڑا ڑایا سٹالن
بنا جو چاہتا تھا ملک اس کو تھا
اسے خاک و خوں میں رُلایا سٹالن
بڑا شوخی خوردہ تھا، ہٹلر درندہ
مثل ریچھ جس کو نچایا سٹالن
چھنا ملک سب واپسی لے لیا ہے
عجب زور و قوت دکھایا سٹالن
لکھوں بشر بچے دعا مانگتے ہیں!
بڑھا زندگی تو خدا سٹالن

جاپن شیطان ور اُس کا غرور و تکبر

تیرے نام کی شہرت ہے ہر ملک ورخانہ بخانہ جاپن پوری
خصلت رکھتے ہو شداد نمرود یزیدانہ جاپن
سب کے سب رُڑ جاتے ہو مچھلی مینڈک سنسر و مگر مچھ
توبہ خدایا ایسی ل مذہبی حیلہ سازی بے رحمی و وحشیانہ جاپن
تمہارے کیریکٹر و چال چلن سب دب و تہذیب کے خلف ہیں'
اس نے تیری حکومت کو کہنا چاہیے پاگل بیوقوف دیو نہ جاپن
نشاء اللہ جنگ تب تک جاری ساری رہے گی زور و شور سے
جب تک نہ فیصلہ پکڑے تیرے ملک کا قتل تمہ کو آپ دو ہ جاپن
بلمشروط ہتھیر پھینک دو تو بہت بہتر ہے ورنہ'
ہمرے لشکر جرار لوٹ کر چھوڑیں گے تمہرے جیسے قاروں کا خز نہ جاپن
تم نے بوجہ غرور تکبر کے ہمری عرض معروض کو ٹھکر دیا ہے
لیکن ہم عشق ہیں پامل کر کے چھوڑیں گے تیر غرور شوقانہ جاپن
آخر تم یک ریست ہو ور کہ بڑوں کے رحم پر تمہری زندگی ہے
اس سے چھوڑ دو سب سرکشی ور خیلات بغیانہ جاپن
جب تم سمجھتے ہو کہ بڑی مچھلی کو چھوٹی مچھلی ہڑپ نہیں کر سکتے
تو پھر کاہیکو کھل رکھا ہے جنگ شطرنج روز و شبنہ جاپن
حیرنی پریشانی کی کچھ ضرورت نہیں ہے ہشیر ہوش رہنا چاہیے
ہم نشاء اللہ ٹھنڈا کر دیں گے تیر بے تحشہ گرگرنہ جاپن
جب کبھی ہلہ بول دیا تمہارے ملک پر غیظ بغضب سے
تو پھر سب ورہم برہم ہو جائینگے جیسے جنوں راگ ور نگ مغویانہ جاپن
اس قدر بمباٹ ہو گی کہ تمہری آبادی ہموار کر دی جائے گی

لیکن خصم آر جلایا جائے گا تو جو جرنل کا آستانہ جاہت

تمام ہڈی پسی ور کر گوشت پوست دور فضا میں ڑتا پھرے گا

جب کبھی دتے چھوڑے تم نے جاٹ پٹھان گورکھے راجپوتانہ جاہں

جو کچھ کھانا پینا ہے کھا ہو عیش و عشرت سے آزدنہ

کیونکہ قدرت ب بھیجے دی ہے تیری موت کا ورنٹ پروانہ جاہں

چند ایک کامیابیاں تم کو ابتدا میں ہو چکی ہیں!

ب بالکل نزدیک آچکا ہے ہماری فتوحات کا زمانہ جاہت

تم ک رہزن ڈکو قزاق ور مکرو فریب کے پتلے ہو

دھر صاف نظر آرہا ہے ہر طرح عدل و نصاف شاہانہ جاہت

تمہاری کچھ پیش نہ جائے گی سلے بادشاہوں کے آگے

جب گرہ پڑ گئے تم کو امریکہ شہہ را اور برطانیہ شیر نہ جاہت

خدا رحمانی مخفی جیسا رحمت۔ خادم۔

امریکہ شہباز

ہمارے معاون ہیں روس چین جو کہ امریکہ شہباز
جن کے خزانوں میں ہے خاص چاندی سونا بے انداز
جن میں بنائے جاتے ہیں پستول بندوق ہوائی جہاز
دیگر وردیاں، براڈ کوٹ، جیکٹ پتلون قمیص
جن کو پہن کر جو نائب عالم کرتے ہیں فخر و ناز
لیے لیے ہیبت اور خوفناک سامان تیار ہوئے ہیں
کہ اگر رستم سہراب بھی دیکھیں تو جائیں دلگداز
وہی شہنشاہ ہو سکتا ہے جو کہ صوبوں ریاستوں کو بڑھا دے
اسی بات میں ہے تمام زمانے کی حکومتوں کا راز و نیاز کوئی
شہری جنگلی جانور چھوٹا بڑا نزدیک نہیں آ سکتا
جو سلطنت ہمیشہ گاتی رہتی ہے شیر ببر کی آواز
ہماری جنگی وزیر مسٹر چرچل روز ویلٹ سٹالن
خوب جانتے ہیں ہر موقعہ محاذ کے نشیب و فراز
دشمن مات کھائیں گے شکست میدان کارزار میں جبکہ
زور و شور سے ہو رہی ہے ہماری طاقت و قوت فلک پرواز

شیرِ برطانیہ

نکلے گا جب میدان میں شیرِ برطانیہ
ڈالے گا دشمنان کو گھیرے برطانیہ
جنگ و جدل کمال کا ہوگا جو اس قدر
رکھ دے گا سب بگاڑ کر چہرے برطانیہ
زندگی بسر کرے گی وہ آرام و چین سے
جو سلطنت رہے گی زیر سے برطانیہ
دشمن پہ پڑے رہتے ہیں جب کامیاب ہوئے
پھر سب کریں گے تیرے اور میرے برطانیہ
شمع، گیس، بجلیاں پکڑیں گی روشنی
گھر دشمنوں کے ہوں گے اندھیرے برطانیہ
ظفر یاب ہوتا ہے ہر ملک و ریاست
جہاں پہ لگا کر بیٹھے ہیں ڈیرے برطانیہ
ٹلی جاپان جرمن جو اس جنگ میں مر گئے
پھر تیر رج پاٹ چوفیرے برطانیہ
جب کامیابی ہو گی پھر دیکھ استاد
پہنے گی شان و شوکت سے سہرے برطانیہ

نقل مطابق اصل ہے برطانیہ مرد ہے۔ نقل مطابق اصل۔ برطانیہ ہے

جنگی نشر و اشاعت

جنگ کے متعلق جس قدر ہو رہی ہے سرکاری نشر و اشاعت
ایک بے مثال اور یکہ و تنہا ہے ہماری نشر و اشاعت
نہ ریڈیو نہ سینما نہ بائیسکوپ و اخبارات
شاعری کی طاقت کو نہیں پہنچ سکتی یہ اشتہاری نشر و اشاعت
گو بذاتِ خود یہ بھول جانے والی چیز ہے
لیکن نظم ہر دل پہ لگا دیتی ہے ضرب کاری نشر و اشاعت
بذریعہ بانگ دہل فرش سے عرش تک پہنچ چکا ہوں
ورس کے سو شرق غرب جنوب و شمال کو ہے جاری نشر و اشاعت
دوسرے لوگوں کی پنجاب ہندوستان تک محدود ہے
لیکن ہماری ٹوکیو برلن پہ ہوتی ہے بمباری نشر و اشاعت
عرصہ دراز سے ہم مفت کام کرتے ہیں سرکار کا
مگر ہزارہا لیتے ہیں جو کرتے ہیں تنخواہ داری نشر و اشاعت
کوئی حریف و دشمن برطانیہ کا باقی نہیں رہا
اس قدر ہے ہم نے زور و شور سے توپ داری نشر و اشاعت
بڑے بڑے اعلیٰ حکامِ وقت سنتے ہیں شوق سے
جب کبھی ستارہ ہام یین پہ پیگنڈے کی کرتا ہے تیاری نشر و اشاعت

— سرکار کو تلافیِ مافات کر کے مفت خوری کی عادت ترک کرنی چاہیے۔

بنگال کا کال

بڑ زبردست ہے دنیا میں کھانے پینے ور روٹی ٹکر کا سوں

جس کے نہ منے کے بعث مرچکی ہے پبلک کلکتہ کرچی بنگال

موجودہ وقت میں سونے چندی کے بھاؤ شیا نہیں تق

اس نے باکل پیچ سمجھ جاتا ہے مصر و دمشق کا کال

دھر حقیقت کے جنگ نے خلقت کو زیر عتاب رکھ ہو ہے

دھر فقہ کشی نے شروع کر دیا ہے شب و روز کا جنگ و جدل

شاہو کار دولت مند امیر وگ ہر طرح برقرر ہیں

لیکن لکھوں موت کے گھٹ تر چکے ہیں غریب کنگال

نی سوترتاں کی قحط سالی نے ناک میں دم کر دیا ہے نسانوں کا

بغیر ناسہ کے کچھ نہ پوچھے مصیبت زدگان کا حال

ہزر ہ لنگر خنے ور یتیم خنے تیر ہو چکے ہیں!

جن کی مدد کر رہا ہے خاص کر کے سرکار کا قبال

فقہ کشی کی مہم پہ بہت ڈکٹر افسر گائے گئے ہیں

جو کہ شب و روز رتے ہیں بیماروں کی دیکھ بھال

سرکار منتظم ستاد قائم ہو چکا ہے

اس سے بعض کو دودھ چاوں ملتا ہے ور بعض چنے کا دل

کوئٹہ کا زلزلہ اور اُس کا ظلم

یہ مسدس ۱۹۳۵ء میں زلزلہ کوئٹہ کے معاً بعد صادر ہوئی اور یک مستقل پمفلٹ کی شکل میں شائع ہو کر بانگ دہل کی طرح شہرت عام کی سند حاصل کر چکی ہے۔ خادم

غضب قہر کیا کیا دکھایا خدا نے
کبھی نیک و بد کو مٹایا خدا نے
ہے جنت کو دوزخ بنایا خدا نے
مذہب لا مذہب کو جلایا خدا نے
سوا شعر و فوج و جنگ و جدل کے
رکھ دیا ملک کوئٹے کا نقشہ بدل کر

تقدر حمت سے بسی بسایا خدا نے
ترقی عرش پہ پہونچی یہ خدا نے
ریاضت عبادت نہ پایا خدا نے
مشکل قوم وطنی اڑایا خدا نے
ڈرو گر عزیزوا تم اُس کے غضب سے
مرے پھر نہ دینا کبھی اس سبب سے

جب کبھی پہنچتا ہے ظلم انتہا کو
تو آتی ہے اس وقت غیرت خدا کو
نہیں دیکھتا پھر وہ شاہ و گدا کو
نبی نہ ولی نہ قطب و لیاء کو
اُلٹ کر کے طبقے کہیں نہ کہیں کے
یک دم وہ کرتا ہے نیچے زمیں کے

تھا واقعہ جب سے اس زلزلہ کا
گیا بھول نقشہ ہمیں کربلا کا
تھا شور دنیا میں آہ و بکا کا
ہوا گرم بازار موت و قضا کا
گردش میں یہی رٹ لگی ہے'
ہزاروں کی جانوں کو وہ کھا گئی ہے
گرے دو منٹ میں عمارات کیا کیا
دبے چاندی سونے جواہرات کیا کیا
ہوئی اینٹ پتھر کی برسات کیا کیا
ہوئے مہ رخوں کے قتل گھات کیا کیا
سویا جو شب کو وہی نہ اٹھا ہے
ظلم ستم تیغ جفا سے کٹا ہے
سندھی پنجابی تباہ ہو گئے ہیں
لکھاں خاندانی تباہ ہو گئے ہیں
جل جل کے کوئلہ سیاہ ہو گئے ہیں
گذرگاہ کی وہ خاکِ راہ ہو گئے ہیں
نہ کچھ بھی نہ چھوڑا تبہ کاریوں نے
زمانے کی گردش ستم کاریوں نے
رہا زندہ ہرگز نہ ہندی حجازی
سکا بچ نہ بزدل نہ کوئی مرد غازی
گئے مر ہزاروں پجاری نمازی
لتھڑ خاک و خوں میں گئے بے اندازی

بچی نہ کلیسا نہ مسجد نہ مندر
کوئی خانقاہ و فقیر و قلندر
مشکل جھول کوئٹہ جھوا رے تھے بیتا
دھڑ دھڑا دیواریں چھوڑے تھا لیتا
سنگین و پختہ حصار سے تھا لیتا
چہرہ یہ خونی نور سے تھ لیتا
ظلم یہ ہوتے نہ دیکھا کبھی ہے
گر کوئی بچا ہے تو ک فیصدی ہے
چلا زترسہ مشکل چکی چکر تھ
نمونہ یہ آکل قیامت حشر تھ
پڑا شور و غوغا ہو گھر بہ گھر تھ
کوئی جا بھی سنتا دھر نہ دھر تھ
چھتوں کی کڑیاں قبر بن گئے ہیں
وہی گھرنی کے قبر بن گئے ہیں
ملبہ کے نیچے ہزاروں پھڑکتے
دم دم تھے لاکھوں کے سینے دھڑکتے
شہتیر ور بہے تھے پھکو کڑکتے
جیسے فلک پہ تیں بادل گرز کتے
کئی بچی مر گئے کئی بچی رہ رہے ہیں
آہ رہ رو کے خوب عالم سو رہے ہیں
نہ مردہ کسی کا اٹھایا کسی نے
نہ غسل ان کو ہر گز کرایا کسی نے

نہ مطلق کفن تک پہنایا کسی نے
نہ قل و جنازہ پڑھایا کسی نے
رنج و مصیبت میں وہ پھنس گئے ہیں
عزیزوں کو چھوڑے ہوئے نس گئے ہیں
گئے مارے پل میں تھے نامی گرامی
رہے تن کے مردے بے قبر ساری
کام آئے نوکر نہ آقا غلامی
رہا کرتے تھے جو کہ در پہ سلامی
گر آقا پڑے ہے چبوروں کے نیچے
تو نوکر دبے میں دیواروں کے نیچے
تھا دن سو چھتی مہینہ مئی کا
کہ تھے تین بجے شب گئی کا
خبر جب سنی ہم نے دوری کا
کوئٹہ کی آبادی سب گر پڑی کا
آیا چکر یہ وہاں زلزلے کا
ہوا سخت نقصان بڑے بھلے کا
دیکھو زمانے کی یہ انقلابی
بچی رانی راجہ نہ خان و نوابی
نہ چھوڑے فلک نے وہ تیغ پنجابی
چمکتے جو ہر دم تھے مثل مہتابی
گر ور سمجھو تو شمس و قمر تھے
لیکن خدا کے یہ حکم و امر تھے

غریبوں یتیموں کو روتی تھی حسرت
ڑی خون آنسو پہ روتی تھی حسرت
دست تاسف ملوتی تھی حسرت
مثل ، مدین کے کھوتی تھی حسرت
مسکین و بیوہ کو روتی تھی دم دم
جیسے کہ بارش برستی ہے چھم چھم
نہ سنتا کسی کی تھا فریاد کوئی
نہ دیتا کسی کو تھا مداد کوئی
بچا مثل شیریں نہ فرہاد کوئی
رہی حد نہیں ظلم و بیداد کوئی
وہ سب ڈوب کے بحر فنا مر گئے ہیں
لکھوں پونڈ دولت یہیں دھر گئے ہیں
زمیں پھٹ گئی اور ابلتا تھا پانی
ہر طرف ہو رہے تھے نظارے طوفانی
مالک مکانات ہوئے لا مکانی
بچا کوئی لڑکا نہ مرد و زنانی
چکر اس وقت کا نظر میں عجب تھا
خداوند عالم کا خاصہ غضب تھا
قدرت نے کیا کیا دکھایا تماشا
ہزاروں کے تن من ہوئے پاش پاش
لڑا ہر مسافر کا بے وطن لاشہ
چھپاتا کسی سے نہ نقش و نقاشہ

مٹائے زمیں نے نشاں کیسے کیسے
بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے
لہو رو رہے تھے غریبوں کے آنسو
سرخ تھے گل و عندلیبوں کے آنسو
ملے مٹی بد نصیبوں کے آنسو
پیارے عزیزوں کے حبیبوں کے آنسو
یتیموں کی آہ نے چٹاک جہاں تھی
رہی جن کی دنیا میں وہ نہ ماں تھی
سخت خوفناک آواز سے اٹھنا
شور و شرر سے لرزے اٹھنا
کسی کے نہ مردے جنازے اٹھنا
کفن دفن میت نہ سارے اٹھنا
کسی ملک پہ جب کہ گردش ہے آتی
ہوتی اس طرح سے ہے موت و موتی
بچے کوئی اٹھیں اٹھنے نہ جوگا
قبر کھود کر کے دبانے نہ جوگا
تباہی کی حالت سنانے نہ جوگا
چشم پُر آنسو بہانے نہ جوگا
تباہ ہو گئی ساری بستی کی بستی
کیا پڑی اور کیا آتش پڑتی
کیا مٹری کیا لوپیں کے سپاہی
رو رو رہے پڑ رہے تھے دہائی

نہ ہوتی تھی مطلق کسی کی سنائی
صفوں قیامت تھی ہر طرف آئی
جیلوں کے قیدی تلک مر گئے ہیں
جو دنیا میں آ کر بدی کر گئے ہیں
پوچھو نہ بالکل مکانوں کی حالت
ہے خستہ خرابی ویرانوں کی حالت
فرم فیکٹری کارخانوں کی حالت
گئی گزری شاپوں دکانوں کی حالت
ظلم جو کبھی تھے نشتر بن گئے ہیں!
دراہم براہم ہو بے اثر بن گئے ہیں!
گرانقدر شیء ہوئی ہیں شکستہ
پتھر سیمنٹ ڈھا پڑا دست بستہ
نہیں ملتا ہر گز گذر گہہ کا رستہ
گلی کوچہ بازار و سڑک و چورستہ
آبادی زمیں سے پیوست ہو گئی ہے
ناکارہ کمزور پست ہو گئی ہے
ہے ہر اک کے سر پر بنی ایک مشکل
بگڑے ہوئے بنتے ہیں بخت مشکل
پڑی ہر بشر کو ہے یک تخت مشکل
بنیں گے دوبارہ تاج و تخت مشکل
دکھوں کے مالک محتاج ہو گئے ہیں
زخم خوردہ زیر علاج ہو گئے ہیں

بڑی شان رکھتے تھے سیٹھ و سوداگر
مثل مہر و ماہ تھے جہاں میں جاگر
بنے یک پلک میں فقیر و گداگر
رہے چاندی سونے کے برتن نہ گاگر
اُجڑے خزانے عمر کی کمائی
کسی نے ہے تن کو کفن تک نہ پائی
دبے کہہ رہے تھے یہ مجھ کو نکالو
جلد ہٹ مٹی یہ پتھر اٹھالو
مری جان جاتی ہے یارو بچالو
سمجھ کر مجھے موت کے منہ نہ ڈالو
شا ادھر اُدھر جاتا تھا بھاگے
کوئی نہ جواں مرد ہوتا تھا بھاگے
دبے جو دبے تھے اٹھے تھے جو ڈر گئے
پڑے دل میں قیامت کے خوف و خطر گئے
ہوش و حواسوں سے ہو بے خبر گئے
تنے میں قہر و غضب سب گزر گئے
صد نفس و نفسی کی محشر بپا تھا
نہ بیگانہ ہر گز نہ بیٹا بنا تھا
کیا وار قدرت نے کوبڑ پہ چھاپا
ہو خورد سب کا جوانی بڑھاپا
پڑے ہے شب و روز گھر گھر سیاپا
کسی کا تھا بھائی کسی کی تھی باپ

تبہ کر دیا ملک کو زلزے نے
اس کی طبیعت میں کیا ہوے نے
ہو اس قدر گئی ہے نیست نا بودی
بچی نہ عیسائی نصری یہودی
جو دیتے تھے لکھوں کو قرضات سودی
وگر قوم مسلم نہ ہال ہنودی
اب تلک ن کی لاشیں پڑی بے کفن ہیں
بجائے قبر نیچے ملبے دفن ہیں
نہ عملی نہ ولی نہ افسر کو چھوڑ
عدلت کچہری نہ دفتر کو چھوڑ
نہ منشی نہ بابو میسر کو چھوڑ
نہ رہے بہادر کسی سر کو چھوڑ
کیا کیا بنے شخص غمے جل کے
اصل میں جو تھے خاندانی نسل کے
رہے بہادر جو تجرت کے تھے
مالک جزروں جاگیرت کے تھے
دولت خزانے جو بہت کے تھے
بالکل شریفانہ عادت کے تھے
کبھی جو کسی سے عدقت کرتے
مسکراتے ہنستے تھے وہ بات کرتے
صنوبر سرو تھا وہ اک بوستاں کا
شکل میں جو دیکھو تو چاند آسماں کا

شہنشہ تھا اصل یہ سب کشتگاں کا
بڑ ہم کو صدمہ ے س نوجواں کا
ظلم پہ ظلم یہ ہے دیکھی نہ اٹھی
عمر جتنی سہ ہے سر گبٹی
جاہ و جلال ور عزت بھرم تھا
وہ دنیا میں پتلہ حیو شرم تھا
مثل موم بالکل وہ دل کا نرم تھا
فردوس جنت وہ ہال رم تھا
ے خد تو یہ کیا غضب کر دیا ہے
ہم کو بے گھر بے سبب کر دیا ہے
ہ چل بسے آج رے بہادر
خد کر دیا ہے حکم تقدیر صادر
روتے ہیں بھائی ور بہنیں برادر
دیگر نسل اور دادی و مادر
غریبوں کے روزی رساں مر گئے ہیں
ترے ستاد قسمت نصیب ہر گئے ہیں

رُباعیات

ثابت ہو تجربہ سے یہ بہت دفعہ ہے
دنیا کی تجارت میں خسارہ یہ نفع ہے
پیش نظر تو عشق مجازی کا صفحہ ہے
کچھ دل کا عجب حال ہے جب سے وہ خفا ہے

دیگر

تری فرقت میں چشم خونفشاں ہے
پھر لینا دوبارہ امتحاں ہے
سدا میں ڈھونڈتا پھرتا ہوں در در
خداوندا! مقام دل کہاں ہے

دیگر

ترقی کا یہ زمانہ ہے جلدی قدم اٹھائے جا
نیچے نہ دیکھ اپنے کو سر فلک چڑھائے جا
رستے میں حائل جو ہووے پامال کر دیئے جا
میرا جو حال ہو سو ہو برق نظر گرائے جا

دیگر

دیکھ کر ان کے جلوہ اور کہ رعب و جلال
ہو گیا مثال موسی کمزور و نڈھال
میرے نیم بسمل ہونے کی نسبت تمام گواہ ہیں
اہل بزم سیکرٹری صاحب جناب سروری عل

دیگر

کیا حسن پوچھتے ہو اس طفل نو ب کا
دعویٰ ہے جس کے لب کو واثق عتاب کا
بوس و کنار ہو نہ فوراً بگڑ گیا!
فسانہ رہ گیا مرے حب خرب کا

دیگر

گر یونہی حتی رہی ہم کو بھرتی
ڈر دیں گے جاپٹ جرمن کی دھرتی
سو اس کے بحر و سمندر میں پٹی
نئی بھی دیکھے گا لاشوں کو ترقی

دیگر

آزدی کا زمانہ ہے جو دل چاہے بھیہ کر
ظاہر داری بھی رکھ پئی مگر چھپ چھپ چھپ چھپ ر
ممیاتی چلتی ہے بچاری پنے گلے پ
تو گاندھی جی کی بکری کے بچے بکر میہ کر

دیگر

اس قدر شان و شوکت سے نکلا گجرات میں جلوس
کہ جس کو شوق سے دیکھتا رہا عرش پہ رب قدوس
خدا سلامت با کرامت رکھے تاج برطانیہ کو
اور کہ معاون رہیں چین امریکہ شہنشاہ روس

دیگر

تب تلک ہرگز کبھی کو دیں گے نہ اچھیں گے
جب تلک جاچون تیرے سر کو نہ کچیں گے ہم
تم نے چمک دیکھی نہیں قینچی ولایتی ستر
جس سے تیری داہڑیاں موچھیں سبھی مچھلیں گے ہم

مسٹر جسٹس منیر جج عدالت عالیہ ہائی کورٹ لاہور کے دورہ گجرات پر

سلام عرض کرتا ہوں جناب جج صاحب محمد منیر
خضر یاں کی زندگی بخشے آپ کو خداوند رب قدیر
کوئی عہدہ داری ممبری مجسٹریٹی کی آرزو نہیں
ہاں عرصہ دراز سے شوق رکھتا ہوں خدمات جاگیر

☆

نہ الفاظ حمد وثنا جانتا ہوں
نہ دلچسپ طرز ادا جانتا ہوں
بس اتنی عبادت ہے میری کہ تجھ کو
خدا مانتا ہوں خدا جانتا ہوں

☆

اس عہد میں شاعر کے لیے قوت نہیں ہے
اس باغ میں طوطی کے لیے توت نہیں ہے
نظر عنایت چاہیے حکام وقت کو
بندہ ہے یہ ہاروت یا ماروت نہیں ہے

☆

دنیا کے جو مزے ہیں ہرگز یہ کم نہ ہوں گے
چرچے یہی رہیں گے افسوس ہم نہ ہوں گے
علم جدید بالکل رکھ دے گا سب مٹا کر
مندر کلیسا کوئی دیرو حرم نہ ہوں گے

☆

قاضی کی عدالت ہے یا کہ گیس و شمع ہے
پروانوں کا جلنے کے لیے ہجوم جمع ہے
انصاف کے رو کرتے جو کچھ بھی کرسکیں
ہرگز کبھی کسی سے خوشامد نہ طمع ہے

☆

جو شخص ـرتے ہیں فسر پرستی
عوام کو کہتے ہیں وہ ڈی ہستی
مگر بے وقوفوں کو چاہیے سمجھنا
عجب شے ہے دنیا میں حکومت کی مستی

☆

ہٹلر کے سر سے کیا کیا نہ سود تر گئے ہیں
کبرو غرور شوخی بڑھ تر گئے ہیں
کرتے تھے یک پلک میں اکھوں کو غرق جو
دے دے کر جوش آخر کو دریا اتر گئے ہیں

☆

سرمے کی دھار تیغ سے پٹی چھب کی آنکھ
میرے قتل کو آتے ہیں کیا کیا سج کے آنکھ
حد سے بڑھی ہوئی ہے ان کی بے تکلفی
ہر شب کو بعد سوتے ہیں وہ چم چما کے آنکھ

☆

عقل آتی ہے بشر کو ٹھوکریں کھانے کے بعد
رنگ لاتی ہے حنا پتھر پہ پس جانے کے بعد
زندگی میں دو ہی گھڑیاں مجھ پہ گزری ہیں کٹھن
اک ترے آنے سے پہلے اک ترے جانے کے بعد
عشق کیا شے ہے کسی عاقل سے پوچھا جائے
کس طرح جاتا ہے دل بے دل سے پوچھا چاہیے
خوبی رخسار خوباں گل سے پوچھا چاہیے
اضطراب عاشقاں بلبل سے پوچھا چاہیے

☆

شمس و قمر ہی دیکھو گے جس جس کو دیکھیے
ہم سے تو سب زیادہ ہیں کم کس کو دیکھیے
مایوس ہو کے بیٹھنا رہا نہیں تجھے
دنیا کا طمع اچھا ہوس کو دیکھیے

☆

دیکھ جناب میری زمانے کا اُلٹ پھیر
تمباکو فروخت ہو رہا ہے چار روپے سیر
پھر یہ کہ کوڑا تلخ چپکی دار ڈھیل ہے
کیا ظلم ستم قہر اور اندھیرا ہے اندھیرا

☆

خدا دکھایا جو مجھ کو مرزا غالب
بولے ہوں گا درد دیدار غالب
اس کے بعد وکی بدتڈی پیورم
کر دوں گا چھم چھم تنانا حب

نذرِ عقیدت جناب چوہدری محمد اسلم صاحب مجسٹریٹ

درجہ اول گجرات

چوہدری اسلم نے جب مجھ پر مروت کر دیا
میں نے پھر بانگ دہل نذرِ عقیدت کر دیا
کیا عجب اُلفت محبت اور شفقت کر دیا
چار سو عالم میں میری شان و شوکت کر دیا
خشک عرصے سے پڑی تھی سخن کی کھیتی میری
بس انہی کے دم قدم نے ابر رحمت کر دیا
کیوں نہ میں مشکور و ممنون ٹھہروں گا کہ
اک گدایانِ گدا کو صاحبِ ثروت کر دیا
کیا وسیلہ دے دیا مجھ کو خدا کی ذات نے
ہر طرف ہر جانب جس نے نورِ وحدت کر دیا
شکریہ کرتا ہوں میں کہ تیری کوشش نے مجھے
بخشش نے دین ودنیا ملک و ملت کر دیا
میں تیرے اقبال سے چکا ہوں مثل آفتاب
ایک حرمت آبرو توقیر وعزت کر دیا
خدا سلامت با کرامت آپ کو رکھے مدام
جس نے اعلی ہستیوں سے میری نسبت کر دیا
سیر و تفریح کا لکھنؤ نوجوانوں کے لئے
اک گلستان بوستاں اور باغ جنت کر دیا
پوچھنا جلدی تھا بانگ دہل اُستاد جی
لیکن ہے افسوس کہ کاغذ نے قیمت کر دیا

جشن فتح

فتح اور کامیابی کی مبارک بد دیتا ہوں
اسی جیسے بہانے سے تمہیں امداد دیتا ہوں
گھبرانا نہیں چاہیے خوشی ور شدمانی ر
تجھے شیریں کے ملنے کی خبر فرہو دیتا ہوں
بلندی عروج پر آج کل سمجھ میرا جذبہ
میں برت کی ریڈ روں پر بھی جھنڈے گاڑ دیتا ہوں
بمباری مکانوں تک نہیں محدود میری
گر چاہوں مسلسل کوہستاں کو ساڑ دیتا ہوں
دلیری جرأت کس کو ہے مقابل ہو سکے ستاد
دشمن جہاں سے بھی نکلے دھر ہی ، ڑ دیتا ہوں

فتوحاتِ برلن اور ہٹلر کی موت

چڑھے تھے جو برلن وہ خود مر گئے ہیں
سبھی نازی دولت نہیں دھر گئے ہیں
بعضوں کی رائے ہے زندہ ہے ہٹلر
بہت کہہ رہے خودکشی کر گئے ہیں
بہت اس طرح سے روایت ہیں کرتے
گولی کھا کے میدان میں گر گئے ہیں
لگی اس قدر زور قوت ہے جس سے
پردے ماتھوں کے سب چِر گئے ہیں
مگر اس کا کچھ پتہ نہیں ملتا
تجسس میں لاکھوں نامہ بر گئے ہیں
مشکل سے نکلیں گے شیر پنجابی
اب ہم تو جرم کے ڈر گھر گئے ہیں
فتح کامیابی قدم چومتی ہے
جس جس طرف کو شیر نر گئے ہیں
چڑھی اس قدر آگے فوجیں ہماری
کہ بھوں ن کو سارے کروفر گئے ہیں
رہے کس قدر جوش و جذبہ دکھاتے
مگر سب کے بجز وہی ہر گئے ہیں
چھلک گئے ہیں دریا میں خونی فوارے
دریا و نالے ندی بھر گئے ہیں
بڑی مشکلوں سے ہوئی کامیابی

کمانڈر کمشنر سفیر ہو گئے ہیں

ہر اعلیٰ ولی فوجی تھا شامل

صوبیدار لفٹین و میجر گئے ہیں

ہوئی سخت سنگین بم بارٹ ایسی

کہ اقوام جرمن کے سب ڈر گئے ہیں

پڑے خوف و ہیبت کا سایہ جو بڑھ کر

تو عورتِ نازی حمل جھڑ گئے ہیں

اُلٹ پھیر کیا کیا زمانہ دیکھا

کچھ ڈوب گئے ہیں تو کچھ تر گئے ہیں

کوئی گر جو پوچھے تو کہہ دوں گا اُستاد

ہم ہیں جو برلن کو سر کر گئے ہیں

فلمی دُنیا کا پرستان اور اس کی حور و غلماں

نئی روشنی کیا غضب ڈھا رہی ہے
نقابوں حجابوں کو اُٹھوا رہی ہے
بیٹی باپ کے سامنے گا رہی ہے
تھرکتی اِدھر سے اُدھر جا رہی ہے
تہذیب حاضرہ کا یہ فاحشہ اثر ہے
بتا دو اگر کوئی باقی کسر ہے
کوئی بی اے ایم اے ہے کرتی کراتی
کوئی خاص لندن و بہت کو جاتی
کوئی حُسن کے تیز خنجر چلاتی
ہزاروں کی جانوں کو کشتہ بناتی
دیکھو نزاکت عجب سیم تن کی
لٹتا ہے گٹھڑی سب تن من کی
فلموں میں دیکھی ہے عالم حسینہ
مٹکتی ہیں جیسے کبوتر کے جینہ
بیٹھ جوبن کا مخمل سینہ
سنبھالے ہوئے ہیں حُسن کا خزینہ
عاشق سدا واہ واہ کر رہے ہیں
وہ تیغ حُسن سے فنا کر رہے ہیں
گذشتہ طوائف تھیں اب ایکٹرس ہے
ہندوستان میں فحشہ تو انگلش میں مس ہے
مر مر کے پاپے انہیں پاپا جس ہے

مشقت سوا ملتا انعام کس ہے
شریفوں کی پردہ دری ہو رہی ہے۔
عیاشوں کی جلوہ گری ہو رہی ہے۔
کہیں پٹ زیب النساء دیکھتے ہیں
نسیم پری چہرہ سے دیکھتے ہیں
کہیں نور جہاں شانتا دیکھتے ہیں
کہیں حسن بانو شیلا دیکھتے ہیں
ندر و تمخرو ہوتا ہر محل ہے
تجھے نوجوانوں پیغام قتل ہے
کہیں دیکھی جاتی ہے رجن کماری
وتخی ستارہ ر ہ دلاری
کہیں تا ر بائی ہے سارڑی سنگاری
کہیں ہے سلو چن بڈ ہپے کی ہاری
سنا ہے عمر بھر کنوری رہی ہے
غرور حسن کی پوجا ری رہی ہے
کہیں ہے مادھوری کہیں سیتا دیوی
کہیں پدما دیوی کہیں مایا دیوی
سعیدہ حمیدہ ور سعو دیوی
کہیں مختار ممتاز سب رنگا دیوی
قلم کیا حسن کا یہ دفتر لکھ ہے
جو جوہرت سوت کے بھاؤ تل ہے
ہے ہر ک د ن کی فتنہ قیامت

فرشتے بھی دیکھیں رہیں نہ سلامت
زاہد پجاری کو بھولے امامت
حُسن کیا ہے قیامت کا حشر کی علامت
جو دیکھ لیتا ہے شیشۂ سکندر
پھر دیکھتا ہے وہ مسجد نہ مندر
حسینوں دیکھی ہے شوخی شرارت
جلوے کرشمے غمزے عادت
ہو گی جہاں پہ بھی یک بشارت
بڑھے گی چشم کی بصیرت بصارت
سو اس کے سمجھو تو مردہ دل ہے
یہ بھی کوئی زندگی زندگی ہے
چہرے سفیدی یہ سرخی کے کشکے
حُسن کے محافظ سپاہی کے نقشے
جب تک کسی کو جسارت نہ بخشے
جبیں جوہر پتا درد ہشکے
رُخ مات کرتا ہے شام شفق کو
گیسو و شمع و بجلی برق کو
بعض لیکٹرں کو مغموم دیکھا
مثل روتے دھوتے ہے مظلوم دیکھ
قسمت بھرتی نہ مقسوم دیکھ
سد حسن و دولت سے محروم دیکھ
ہمیں آہ و نالہ ہے حسرت پڑتی

آنکھیں ہیں خونوں کے آنسو برستی
بعض تو بالکل کھڑی لڑکیاں سے
سنجیو پہ پہنچی وہ بے دھڑکیاں سے
کیا چشم عاشق میں بڑ کیاں سے
دنیا میں نکلی مشکل لڑکیاں سے
زمانے کی نظروں میں مقبول ہیں وہ
ابھی تو گلستاں کے اک پھول ہیں وہ
بعض ہیں وہ تین بچوں کی ماتواں
چلتے ہیں جو ساتھ نزو اوا تواں
سدا جن کے سر ہیں بہشتوں کی چھاؤں
بڑھتے جو رہیت ہیں آبرو ہو لوں
اصل میں بھی ہیں پری حور و غلماں
فرضی ہے کوہ قاف تو جو پرستاں
آنکھوں میں مستی بر کی کشش ہے
جنت سے آئی کوئی حوروش ہے
عاشق کا شتا معشوق روش ہے
سدا رہتی دونوں میں کیا کشمکش ہے
کبھی صلح کرتے کبھی روٹھتے ہیں
کبھی گلے ملتے کبھی لڑتے ہیں
عجب دل کشی ہے سریلی آوریں
پڑھیں جن کے قدموں پہ زہد نمازیں
جن کی نیت زیبائش ہے معجز حجاز

ٹپکتی ہیں لاکھوں نزاکت سے نازیں
سو سو نخرہ ہے اک اک ادا میں
قیامت پوشیدہ ہے اس مہ نما میں
حسن والوں کی ہے یہ پہلی نشانی
مثل تیغ ابرو قمر سی پیشانی
برق پاش جوبن شباب جوانی
شکل صورت ہو جس کی جلوہ ربانی
دیکھو زمانہ ہے یہ خود سری کا
جو شوق رکھتے ہیں حور و پری کا
ہے دنیا میں بہتر حسینوں کی زندگی
جہاں جائیں حق ہے وج بندگی
نہیں پیش جاتی ہے زندوں کی زندگی
کریں جو عبادت خدا کی نہ بندگی
حکومت حسن کی مد وج پہ ہے
دلیری جرأت شعر و فوج پہ ہے
تم اگر ڈھونڈتے ہو حسن کا ٹھکانا
تو قصوں میں رکھو سدا آنا جانا
سینوں پہ سنو گے عشق کا ترانا
رقص و سرود و طرب ناچ گانا
ہر اک ڈھونڈتا ہے آرام و آسائش
موجودہ زمانہ ہے بالکل نمائش
جھجک تو چلا نہیں شرم و حیا کی

بہت چلبلی ور چنچل د کی
حسن ذہن کا بلک ہے تنجر جف کی
جو نام جانے نہ مہر و ث کی
ونی ہیں شیطان کی ٹوٹیاں بھی
دیتی ہیں سب کو پتنگ کی ڈیوٹیاں بھی
ہے تمنا حُسن کا رُوحانی مسرت
سر سر ہے ہوتی جونی مسرت
شکوہ گلا چھیڑ خونی مسرت
ہے تیزی طبیعت رونی مسرت
کبھی مست وری تھی کیا جامِ جم میں
ب وتی خوبیاں ہیں تو نا کی قلم میں
ہے ہر یک د کار چڑیا شہری
چمکتا ہے جیسے سورج دوپہری
بتش فشں ہے حسن کی پھلجھڑی
بچتی نہیں قے بری ہو یہ بجری
کیا کچھ ہے دنیا میں ُستاد دیکھ
حاکم حسن کا ہے رشاد دیکھ

زمانہ آگیا جب سے علاؤ الدین ارشد کا

عدم کو چل بسا ہے جاناں تمہارا دم قدم جد کا
مد مطلق نہیں ہم کو تمہارے قامت و قد کا
حقیقت میں نہیں ولد حسرت یاس ہے ہم کو
خبر سے گا تو لے گا کون بعد از موت مرقد کا
ہزاروں یاد کرتے ہیں زمانے میں مجھے لیکن
اصل وارث نہیں کوئی ہے میری جائے مسند کا
مبارک ہو مسرت ہو تمامی اہل محفل کو
کہ مشکل وقت گزرا اس بت کا فرو مرتد کا
کسی کی کیا پڑی تجھ کو نہ، پی زمانے میں
کہنا ہے تو یہ کہنا ہے میرے پیرو مرشد کا
پڑے نہ وسط جب تک کسی کے ساتھ دنیا میں
پتہ چلتا نہیں بالکل شریف ، نیک ور بد کا
برا ہووے غریبی کا اگر ہوتا تو نگر بھی
تو پھر میں سیر کرتا خوب قندھار و سمر قند کا
سورج چاند تارے اور نگیں و شمع کب ہوتے
گر ہوتا نہ عالم میں کبھی آمد محمدؐ کا
پڑا ایسا کال آ کے دمشق و مصر مات ہو گئے
بہت مشکل گزر رہا ہے میرے جیسے مجرو کا
میں تجھ کہہ رہا ہوں وہ تقاضے کے نے جاتے ہیں
چھو میں کچھ نہیں دیتا نہ گنبت نہ میری چند کا
خودی ایسی سمائی ہے دل و دماغ میں آ کر

نہیں محتاج میں رہتا ہوں زید عمر و خالد کا

مبارک ہو مسرت ہو تمامی اہل محفل کو

کہ مشکل وقت گزرا ہے اس بخت کافر و مرتد کا

فخر و ناز ہے استاد ہم کو بے حساب تھا

زمانہ ہو گیا جب سے علاؤ الدین رشد کا

جناب ڈپٹی کمشنر علاؤ الدین رشد کی عدالت

عید کے روز ہم نے بھی دیکھا تھا صاحب بہادر کا رخ آفتاب

ور ہوگ تو ہمارے نظر آتے تھے لیکن آج چودھویں کے مہتاب

حضور کا قد و قامت کمال کا وضع و بندی پر تھا

جس کے آگے بالکل ہیچ تھے رستم و زال اور سہراب

خاص و عام آنجناب کی سلامی دینے کے لیے حاضر تھے

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ مال افسر تحصیل دار و رجسٹرار نواب

آپ کا جلوس خاص کر کے ایک قرولی بریں ہوا تھا

جس میں ہر جانب سے آ رہی تھی عطر و عنبر خوشبوئے گلاب

چپڑاسی ہر ایک کے آگے فروٹ کی دعوت پیش کرتا رہا تھا

لیکن بعض آدمی بہ رعد کھاتے تھے اور بعض کرتے تھے شرم حجاب

کرسیاں ایک درجن کے قریب لگی ہوئی، گول میز کی طرح

جس کے باعث خاص و عام کو کر رہے تھے پی زیارت سے شرفیاب

آتی جاتی دفعہ ہر بشر سے پوچھتے تھے خوش مزاجی سے

اسی تکلف سے کبھی اٹھتے کبھی بیٹھتے تھے جناب

بالا دست حکام کی ہر طرح تابعداری کرتا ہوں استاد

اس میری محنت و جانفشانی کی تمام گواہ ہے گجرات پنجاب

عاشق معشوق کا مقابلہ

نرگس تازگی سبزیت لالہ زار کے
کچھ بے مثال رنگ سے ہیں بہار کے
جب تزئین نکلیں سے نکھر سنور کے
کیا کیا نہ لفظ آئیں گے بوس و کنار کے
عاشق کسی نے زرد ور نچلا ہے اس قدر
آتے نظر ہیں ہم تو وہ مردے مزار کے
نازک نرم معشوق کو مطیع رہے تو یہ
ہرگز نہ چاہیئے سونا پوشش اتار کے
جہاں پہ کسی ہریا تو ہواں پہ چلے گئے
نوکر تو تم نہیں کوئی سارے سنسار کے
ہیں جس قدر بھی دنیا میں تیرے ہی گاہک ہیں
سینے کے سرخ سیب ولایتی انار کے
چہرہ پہ نور کی تعریف کیا کریں
ثانی ہو جب کہ پہلے ہی مطلع انوار کے
آتش ہجر سے جل گیا استاد آج کل
ک دن تو رکھ دو سکے بھی سینے کو ٹھار کے

روزمرہ اُستاد امام دین

کیا کر سکوں گا آج میں خدمت حضور کی
گو آپ خاص آئے ہوں منزل سے دُور کی

گیس و شمع کے جلنے کی حاجت نہیں رہی
کافی ہے روشنی تیرے رُخ کے ہی نور کی

خنجر حسن کو کشتہ ہوں شاید کہ اس نے
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حور کی

قرآن ہوتے ہوئے ضرورت نہیں ہمیں
انجیل و توریت ور کہ دیگر زبور کی

کہتے ہو روز اور کہ آتے نہیں ہو پھر
کچھ تم سے مشورات ہے چند اک امور کی

آؤ تو کھاؤ شوق سے تجھ کو قسم خد
ئی پاڑی ہے ہاٹے کیچے انگور کی

زندگی کا لطف چاہتے ہو دائم سدا سنو
فوٹو گراف ریڈیو طبلے طنبور کی

کیا کچھ نہ جز دیا چاہتے ہو تم اُستاد
جرمن جاپان اٹلی نے جو جو قصور کی

ـ پ ـ جاپانی بھی مصنوعہ سو رشتی مشورہ ـ ض ـ جاپانی بھی ضمنہ

فیروزپور کا مشاعرہ

قبل از قیامت حشر دیکھتا ہوں
کہ عالم کو زیر و زبر دیکھتا ہوں
ب اُلفت محبت وفاداریاں کہاں
ظلم ستم قہر و جبر دیکھتا ہوں
ہر ملک شہروں میں چکر لگا کر
میں حال بشر کو بتر دیکھتا ہوں
جانوں نہ جانوں عزیزو بزرگو
تجھے میں تو شمس و قمر دیکھتا ہوں
سے جاذب حسن تیرے دونوں سب کو
یاقوت و لعل و گوہر دیکھتا ہوں
ترقی کیا اس قدر ہے بشر نے
کہ اڑتا مثل جانور دیکھتا ہوں
بجز خر یہ بنی بنی جنگ وجدل میں
فتح کامیابی ظفر دیکھتا ہوں
تخیل کی دنیا سے ہم سفر ہو کر
آسمانوں پہ بھی گزر دیکھتا ہوں
پستی بلندی فرش سے عرش تک
بس تو ہی تو ہے جدھر دیکھتا ہوں
تیرے باب عالی پہ جھکتے جھکاتے
بڑے شہنشاہ تاجور دیکھتا ہوں
موجودہ لڑائی میں بم ہٹ آگے

ہوئے قتل تیغو تبر دیکھتا ہوں
طے کر رہا ہوں میں شاعری کی منزل
نہ رستے میں ہادی خضر دیکھتا ہوں
تھوڑے ہیں جو کہ بجز باپ کے میں
بہتوں کو مادر پدر دیکھتا ہوں
بہت ڈبے پتے ہیں کمزور و لاغر
لیکن بعضوں کو شیر ببر دیکھتا ہوں
رقیب ور حاسد ہیں بے پر ڑتے
نہیں میں تو شیرو شکر دیکھتا ہوں
سو سچے چچہ زمانے میں ستو و
نہ خاسد نہ عمر و بکر دیکھتا ہوں

جناب ڈپٹی بنوٹ صاحب گجرات

مبارک ہو کہ آج صدر ہوئے ہیں جناب ڈپٹی صاحب بنوٹ
قحط سال کا زمانہ ہے ورنہ نچھاور کرتا پونڈ ور نوٹ
پبلک میں مشہور ہے ت ن ہر دل عزیزی خاص ر کے
کیونکہ سخت سنگین جرم میں بھی دیتے ہیں ملزم کو چھوٹ
ت کے باب سال پہ جو بھی جاوے کبھی خالی نہیں آتا
گر وہ چپ ٹکڑہ مانگے تو یہ دے دیتے ہیں سالم روٹ
نسانی ہمدردی اور کرم عنایت شفقت مہربانی کرنا
بس یہی ہے ایک بے مثال مذہب عیسائیت کی رپورٹ
تفاق تحاد بڑی زبردست طاقت ہے دنیا میں ستاد
خدا نہ کرے کہ تمہارے ہمارے درمیاں پڑ جائے کوئی پھوٹ

کوٹھی نواب صاحب چوہدری فضل علی خاں گجرات

کوٹھی بنی میں آئے دن رہتی ہے لیے رونق بھی
صاف ستھرا باغ جس کا اور سب کوچہ گلی
یہ جگہ سمجھو تو سمجھو شہر کا جائے فخر
فضل علی کو فضل علی کہیں یہ نکتہ وسیع ہی
گو وجود ن کا نہیں حاضر موجودہ وقت میں
کارنامہ تا قیامت رہے گا روشن بھی
بعد از استاد اس مرحوم اور مغفور نے
جانشیں چھوڑے ہیں دو مہدی علی اصغر علی

جناب ڈی آئی جی سخت پرکاش راولپنڈی

سدم عرض کرتا ہوں جناب صاحب سخت پر کاش
یک دو صدی نہیں بلکہ ہزار ہا سال زندہ باش
آپ کے عہد حکومت میں ہم کو کوئی شخص عیار نظر نہیں آتا
نہ رہزن نہ ڈاکو نہ چور نہ گنڈ کترا گنڈا اباش
تمہارے خوف و ہیبت سے ہر بشر کاروبار میں لگا ہے
کیا اعلی ودنی فتش حصدی غریب غربا مفلس وقلاش
جناب والا کے محکمہ میں کسی امر کا شکوہ شکایت نہیں ہے
ستاد کہتا ہے کہ شاعر کو قوت لایموت کی ضرورت ہے
ورکسی حسین ماہ جبین کی ہم کو ہرگز نہیں ہے تلاش

جناب قائداعظم محمد علی جناح

ہم سے بہت بہتر کشمیر و روپنڈی کا گرد نوح
جنہوں نے شرف حاصل کیا ہے قائد عظم محمد علی جناح
ہزار ہزار شکر ہے کہ یہاں پہ بھی تشریف آور ہوئے ہیں
جس سے خوش بخوش ہوگئے ہیں اہل گجرات کے روح
بحر دنیا سے پار لگا کر چھوڑیں کشتی و جہاز
چونکہ نہایت تجربہ کار ہیں ہمارے کیپچوں مدح
جائے افسوس ہے کہ مسلم لیگ بالکل باقی نہیں ہے
ورنہ کانگرس ہر چند چاہتی ہے پاکستان کے ساتھ نکاح
ہمارے زخم جگر کا علاج خوب پہچانا ہے آپ نے
اس لیے تمام ناقابل سمجھے جاتے ہیں زمانے کے ڈاکٹر و جراح
جو بھی کریں سب کا سب منظور و قبول ہے ہم کو
آپ کی ذات بابرکات کا ساختہ پرداختہ ہے ہر طرح مباح
شرق میں ہو یا غرب میں جنوب میں یا شمال میں
آپ کے نامِ نامی سے ہوتا ہے ہر جلسہ تعمیر و عمارت کا افتتاح
اے قائد نامدار تم یک آفتاب کی طرح روشنی ہو دنیا میں
اس سے استاد کیا کر سکتا ہے تیری تعریف و مدح

ہندو مسلم اتحاد

جہاں تک بھی ہو سکے ہندو مسلم دوستی اتحاد کرو
موجودہ وقت میں دور اپنے دلوں سے دیرینہ عناد کرو
اگر آسائش و آرام سے پنجاب ہندوستان میں رہنا چاہتے ہو
تو ایک جہتی کے ساتھ اٹلی جاپان جرمن کو برباد کرو
یہ وقت نہایت جنگجو اور کہ زبردست دلیری کا ہے
اس لیے تم اپنے دلوں کو سنگ آہن پتھر و فولاد کرو
حکومت نے خزانوں کے منہ کھول دیے ہیں دولت لٹی جا رہی ہے
آپ اس کے کھانے کی طرف دھیان نہ دھریں بلکہ بچانے کا بھی ارادہ کرو
آج کل ہزار ہا روپیہ پبلک کی جیبوں میں آ رہا ہے
اس کو بطور قرض کے دے کر سرکار دولت مدار کی امداد کرو
اس نازک وقت میں حکام کی مدد کرنا بہتر ہے ہمارے لئے
ورنہ جلد ترقی کے ایک تنی جائے گی اگرچہ تم ہزار فریاد کرو
آئندہ زمانے میں ان کو مراعات کا موقع ملے گا جنکے پاس ثبوت ہوگا
اس لیے تم جلد جلد کوئی نہ کوئی حاصل سند اسناد کرو
جو بھی کرو ذوق شوق سے ابتدا سے انتہا کو پہنچا دو
ورنہ حکومت کے حق میں نشریت مثال استاد کرو

حلقہ ادب گجرات اور اعزازات

یہ نظم یکم اپریل ۱۹۳۳ء کو حلقہ ادب گجرات کے اس مشاعرہ کی تقریب پر لکھی گئی ہے۔ جس میں استاد صاحب کو حلقہ ادب گجرات کی طرف سے A S S (افسر شعر و شاعری) اور USA (استاد شعرائے عالم) کا خطاب دیا گیا ہے۔ (خادم)

اے خدا وہ کون سا دن ہے جو مجھ پہ تیری عنایت نہیں
لاتعداد اور بے شمار ہیں اس سے کوئی حسابت نہیں
میں تیری ہستی کا قائل اور کہ ہر طرح جانتا پہچانتا ہوں
لیکن ہزار افسوس کہ دلچسپی عبادت نہیں
جس کو چاہے تو دے سکتا ہے مال و متاع دولت و دنیا
تیری ذات بابرکات میں کوئی چھوٹے بڑے کا امتیاز نہیں
حلقہ ادب اور کہ ارباب ذوق نے بہت کچھ دیا ہے میرے کو
جن کے بارے میں ادا کر سکتی میری زبان شکریت نہیں
کبھی بی اے ایم اے کبھی پی ایچ ڈی ڈگریاں حاصل کرتا ہوں
جو کہ دیگر کسی حریف و حاسد کے لیے خطابت نہیں
ملک الشعراء استاد الشعرائے عالم افسر شعر و شاعری ایل ایل ڈی
کیوں جناب ہے کوئی باقی بچا ہو جو میرے پاس القابات نہیں
میرے شعر و فن کو خاص و عام نے لوٹ مچا رکھی ہے
حالانکہ یہ کوئی نوٹ پاؤنڈ ہیرے موتی جواہرات نہیں
پبلک میرے کو اعزازات سے بارہا دفعہ سرفراز کر چکی ہے
لیکن افسوس کہ موجودہ حکومت کو کوئی بھی توجہات نہیں
چار بھتیجے اور ایک ہمشیرزادی کا لڑکا بھرتی کرا چکا ہوں
بالکل حقیقت پہ ہے کوئی اس میں لغویات نہیں

بذاتِ خود سرکاری پروپیگنڈہ و نشریات کرتا ہوں

تاکہ کوئی حریف حاسد یہ نہ کہے کہ اس کے جنگی خدمات نہیں

میں اپنی آواز بذریعہ بگل وہاں مشرق غرب تک پہنچا چکا ہوں

پھر کیا وجہ ہے کہ ملتا میرے کو انعام کرم جاگیرات نہیں

حضور والا کے خزانوں سے ہر اعلیٰ ادنیٰ جیبیں گرم کر رہا ہے

لیکن صد حیف کہ ہمارے بھاگ نصیب قسمت برات نہیں

انسان انسان کو بگاڑتا ہے اور انسان ہی سنوارتا ہے

وہ شخص اس راز کو نہیں سمجھتے جن کو علمی معلومات نہیں

کامیابی کے اسباب میرے کو بالکل نزدیک نظر آ رہے ہیں

لیکن شرط یہ ہے کہ آپ صاحب کے دل میں کوئی منافقات نہیں

ان کے فیضِ سخن سے عالمگیر شہرت حاصل کر چکا ہوں

لیکن یہ ہم نے مانا کہ ہم حالی غالب و تبیات نہیں

کہیں ایسا نہ ہو دروغ مصلحت آمیز راز راستی فتنہ انگیز

بس اس سے بڑھ چڑھ کر استاد کر سکتا کوئی گزارشات نہیں

ملک عبدالرحمٰن خادم صدر حلقہ ادب گجرات کے حق میں دُعا

خداوندا تو خادم کو شفا دے
جلد ہی بستر سے غم سے اٹھا دے
یہی کوئی دستِ شفقت سے دوا دے
جو حکیم و وید ڈاکٹر کو بھید دے
اگر کچھ وہم ہے اس کو ہٹا دے
یہ اصلی مرض کی مدعا بتا دے
پبلک تنگ رہی بانگ دل سے
ٹھے اور غلطیں ان کی لگا دے
عجب کیا ہے تیری اس التجا کو
سند منظوری و مقبول خدا دے

(جولائی ۱۹۴۴ء)

چوہدری چھوٹو رام کی یاد میں

وفدری بشرط استوری اصل ایماں ہے
مرے بت خانہ میں تو کعبہ میں گاڑو برہم کو

کر گئے دنیا میں کیا کیا نیک نامی چھوٹو ر م
کٹ گئے ہیں جاٹ طبقے کی غدی چھوٹو رام

فیض پہنچا جن کو ہے تیرے حکومت عہد میں
عمر بھر ہوتے رہیں گے وہ سدی چھوٹو رام

کوئی موقع ہی ہمیں شکوے شکایت کا نہیں
خوش بخوش ہیں آپ پر خاص و عی چھوٹو ر م

بہت مشکل سے ملے گا آپ سا روشن ضمیر
گو پر ہو جے گی وزیر زرعت ی آسامی چھوٹو ر م

حکام وقت باتحتی صف میں ہیں تیری ور سب
پنڈ تو تھیو منی گیناکی سوراجی چھوٹو ر م

جنگلی بستی کا نہیں کوء خیر خواہ تیرے بغیر
تم ہی تم تھے ملے ہستی نقدی چھوٹو ر م

جا نہیں سکتا کبھی ساری حیات
سن لیا ہے جس نے تیری خوش کلامی چھوٹو ر م

تو ہ جنوری ور سب پنجابی کو خاص
ہو چکی زندگی تمہاری نقشی چھوٹو ر م

افسوس و حسرت یاس سے بیٹھے ہیں سب
کیا عہد علم و نامی گرامی چھوٹو ر م

کل زمانہ کر رہا ہے اس وقت ستاد ہی
تیری عزت آبرو ور احترامی چھوٹو رام

اُستاد امام الدین لاہور میں

عجب لاہور دیکھا ہے پچھڑو دس دل
کہیں گدھے گھوڑے کہیں مکھیاں گل گل
پوزیشن کسی کی بھی ٹھیک نہیں ہے
کیا گرم کپڑے کیا شخص ل ل
بہت گذر جاتے ہیں پامال کرتے
بہت ڈگتے رہتے ہیں بالکل مسلسل
گدھے ریڑھی تانگہ حیوانات وغیرہ
چیتے چلتے تلکتے ہیں پل پل
سڑکوں کی حالت نہ پوچھو کہ کیا ہے
سیلاب گلیوں میں رہتا ہے جل تھل
صدیوں کا یہ شہر آباد ہو رہا ہے
رکھ ہو چکی ہے ٹی یہاں کی جل جل
کوشش جدو جہد کر کے بزرگوا
مُکا ڈنو ک دن سدا کی یہ کل کل
سلوں گر کسی کا جو دُکھ درد اُستاد
مثل کانپ جاتا ہوں بونچال وزل زل
یاد گار کی آمد جاپان سے
کیا فخر تجھ کو ہو ہے چھوٹے ملتا ن آج
ترا تیری سر زمین پہ میرا شاہ خوبان آج
پنجہ صیاد میں ٹھہرے ہو ساڑھے چار سال
بڑھ گئی ہے آسمان تیری شوکت شان آج

رنج و غم اور سختیاں سب سہتے سہتے آگئے
خاص کر اپنے وطن پنجاب ہندوستان آج
بیقرار و مضطرب تھا فرقت تیری میں میں
نکلے ہیں سب میرے دل کے حسرت و ارمان آج
تیرے ہی سب دم قدم سے کامیابی ہو گئی
فتح ٹرکی کر لیا اور جرمن و جاپان آج
دہ چورنجہ بعد ہوا میل و ملاپ
اس سے سو بار صدقے ہوں قربان آج
کیوں نہ ہوویں خوش بخوش اپنے بہادر دیکھ کر
میجر صوبیدار جنرل و کپتان آج
مطلقاً تھوڑا ہے بالکل یادگار
جس قدر کر دوں بھی تیری ذات پہ پن دان آج

فتح کا جلوس

اس قدر شان و شوکت سے نکلا ہے گجرات میں جلوس
کہ جس کو شوق سے دیکھتا رہا ہے عرش پہ رب قدوس
خد سدمت با کرامت رکھ تاج برطانیہ کو
ور کہ معاون رہیں چین و امریکہ سفید روس
ہم ن وگوں کے ممنون و مشکور ہیں ہ طرح
جنہوں نے دل کھل کر مارا مگرمچھ ہنٹر و بوس
چھ سال سے خاموش پڑے تھے مذہبی ہیڈکوارٹر
آج بج رہے ہیں گرجوں میں گھڑیال ور مندروں میں ناقوس
سن پچاس چودہ مئی کی رات عجیب جلوہ دکھائے گی
جب کہ جگمگائیں گے شمع گیس ور بجلیاں فانوس
میری شعر و شاعری کا ہر فقرہ فقرہ فقط تخیل ہے
بلکہ یہ ہے یک قسم کا رفل پستول ور کارتوس
حکمت عملی سے کہتا ہوں کہ دوسر دشمن بھی چھپا رکھ دونگا
حالانکہ میں کوئی نہیں ہوں سقراط بقراط یا جالینوس

نوجوانِ عالم اور تعلیم

قدرت کی ہر بات جدید و قدیم اچھی ہے
لیکن ن سب کا خلاصہ ایک تعلیم اچھی ہے
کسی نسان کا یک و تنہا رہنا بھی کوئی رہنا ہے دنیا میں
اس سے جہاں تک ہو سکے مشاہ تشکر تنظیم چھی ہے
چوری ڈکہ زنی ہر مذہب میں خلاف قانون ہے
سو اس کے محنت و جفاکشی سے جو پید ہو وہ روشیم چھی ہے
نسان مانند شہباز وج و بلندی پہ جا سکتا ہے
اس سے پستی نہیں بلکہ شان عظیم اچھی ہے
علم و حکمت کی دوت حاصل کرو ور اس کے بعد
سیرو سیاحت ہفت کشور با ہفت قلیم چھی ہے
موجودہ وقت بہ درجے کا خود پسندی سے لبریز ہے
مگر پ کے یے عادت خوئے سر تسلیم چھی ہے
دنیا میں صحت و تندرستی کو قائم رکھنے کے یے استاد صبح و شام کی ہوا
تھوڑی دیر کہ باغ نسیم اچھی ہے

☆

انجمن خدام الاسلام گجرات اور جناب حاجی محمد الدین صاحب۔

نجمن خدام سلام گجرات دم توڑ رہا تھا سامعین و حاضرین
لیکن اس میں جان ڈال دی ہے جناب شیخ صاحب حاجی محمد الدین
اس قدر سکول کو فائدہ پونچایا ہے اپنے فیض دست سے
کہ دولت کے دریا بہا دیئے ہیں مانند بارشین
کیونکہ تا ہزار ہا لڑکیاں اند پڑی ہوں جب کہ
بڑے بڑے لائق فائق آئے ہیں ٹیچر و مدرسین
دیگر ممبر صاحب موصوف کے ہر طرح زیر اثر رہتے ہیں
ور کہ چھوٹے بڑے نوکر چاکر و ملازمین
سر کاروبار میں ہر طرح رسائی رکھتے ہیں
جس کے باعث عزت آبرو کرتے ہیں زمانے کے سلاطین
بوجہ تجی سوداگر ہونے کے خاص و عام ان کو جانتے ہیں
کیا جنوب و شمال اور کیا مغرب و مشرقین!
نہ ہوا ہے نہ ہوگا قوم خواجگان میں سے
یسا سرچشمہ فیض ندر گجرات کی سرزمین
یک دو آدمیوں کے کہنے پر میں نے یہ نظم لکھ دیا ہے
باقی گستاخی کی معافی چاہتا ہے آپ سے ستاد امام دین

بانگِ دہل اور اس کا غل

۱۰ دسمبر سن چوتالی کا رقم کرتا ہوں میں
بانگ دہل کر کے مکمل اب ختم کرتا ہوں
ہر قسم کے بیل بوٹے پاؤ گے اس میں ہی تم
پیش خدمت آپ کے باغ ارم کرتا ہوں میں
تا کہ تجھ پر کھل سکیں یہ راز سالم کے تمام
اس سے پیش نظر یہ جام جم کرتا ہوں
حاضرین سب کھل کھلاتے صاف آتے ہیں نظر
اس قدر جیسے جلوسوں کو گرم کرتا ہوں
سادہ لفظی کے سبب سے عام شہرت لے گیا
ٹھوس بھدے شعر نہ نازک نرم کرتا ہوں میں
فارسی ہندی پنجابی اور انگلستان کے
ہر زباں کے لفظ کو بھرتی مجسم کرتا ہوں میں
غور و فکر سے جو بھی لکھ دوں اس پہ رکھتا ہوں یقین
ہرگز نہیں ضائع کبھی کاغذ قلم کرتا ہوں میں
بانگ دہل کی اس قدر مانگ و خریداری ہے آج
جس کی نسبت سینکڑوں لاکھوں قسم کرتا ہوں میں
یہ زمانہ مطلقاً طول و طوالت کا نہیں
اس سے ہر چند فقرے کم سے کم کرتا ہوں میں
شوق شاعری اس قدر کود ہے دل میں آن کر
جس پہ ضائع سینکڑو دام و درم کرتا ہوں میں
شکستہ خیوں میں کبھی دل کشی ہوتی نہیں

اس سے بھی روز مرہ کو بھی نظم کرتا ہوں میں
خوش دلی اور شوق سے استاد اس کو پیش کش
بال محفل مجلس و اہل بزم کرتا ہوں میں

یودگار کے نام

بپنے خیولات کی دنیو میں بندی کے جذبات پید کر
نئی روشنی کے زمانے میں نئے نظریات پید کر
کائنات میں نسان یک ترقی ردہ جانور سمجھ گیا ہے
جہاں تک ہو سکے اعلیٰ ارفع ہستیوں سے ملاقات پیدا کر
بانگ وہاں کے طرح حقوق محفوظ رکھے گئے ہیں
تو ا سے ہیرے موتی لعل و جوہر ات پیدا کر
میرے شعروسخن اور کہ شہرت و ناموری سے فائدہ ٹھ
کوشش جدو جہد سے تمام ضائع شدہ قوبات پید کر
اس کا سب ساختہ پرداختہ تمھارے نام منسوب کیا جاتا ہے
تو اس کی نگہداشت رکھ ہو حاصلات ثمرات پید کر
شرق غرب جنوب وشمال سے اس کی خرید ری کی تو ز آتی ہے
ل سے جہاں تک ہو سکے کسی کتب فروش یا فرم سے مشورت پید کر
دوران جنگ میں نہایت جاں فشانی سے میں نے کام یا ہے
اس میری خدمات کی سرکار سے کوئی نہ کوئی جاگیرات پید کر
سنگ دل سے سنگ دل بھی گر دل دادہ اور شیفتہ ہو جائے
یٹی بات چیت اور گل میں اس قدر جادوئے طلسمات پید کر

جاپان کی شکست اور ہماری فتح اور استاد امام دین

جاپان کی شکست زبردست ہوئی ہے ہماری فتح
ایک دو ہی بم ہٹ سے ہی ہو گئی ہے بہت بھاری فتح

رحم دل خدا خوفی دنیا میں کامیابی حاصل کرتی ہے
کبھی پا نہیں سکتے ظالم و جابر گنہگار کی فتح

جو بادشاہ پبلک میں اپنی دل عزیزی رکھتا ہے
شرق غرب کی دیتا ہے اس کو خداوند باری فتح

ہمارے واسطے یہ ظفر یابی لا انتہا خوشی کا باعث ہے
لیکن اٹلی جاپان جرمن کے لیے تبدیلی کی بیماری فتح

شیر کی طرح جوانان عام میدان کارزار میں ڈٹے ہیں
بھلا ان پر کب پا سکتے تھے دیوی دیوتا مندروں کے پجاری فتح

عرصہ چار پانچ سال حکومت برطانیہ خاموش رہی ہے
اس لیے یہ ہم کہہ نہیں سکتے تو جو جرنیل رام لعل گردھاری فتح

نو اگست انیس سو پینتالیس کو جاپان قوم نے ہتھیار ڈالے ہیں
جس سے سارے کی ساری ہو گئی دیوالی اور فوج داری فتح

شان و شوکت ٹیپ ٹاپ اس کی بیاں کروں استاد
چمکتی ہے مثل اختر فلک اور کرے گوٹہ کناری فتح

اظہار کیا ہے اس میں حاضرین مقامی کے سر ہر ہے
یعنی چوہدری محمد مسعود ثبوت صاحب عدو ولدین رشدی کی ہے ساری فتح

جاپن کی ہار اور ہماری جیت

ہم نے شروع کر دیا جب کہ ملک جاپن پہ بم بٹ

بڑے بڑے دست بستہ ہو گئے کمانڈنگ افسر ورلٹ

پیا ایک گولہ زبردست پڑا کہ جس کے خوف وہیبت سے

بہت سکتے کے عالم میں چپ ہو گئے اور بہتوں کے قُل ہو چکے تھے ہاٹ

افسوس ہے کہ چند یوم بھی میدن کا رزار میں نہ ٹھہر سکا

حالانکہ شہنشاہ جاپن بہت عرصے کا تھا فٹ فٹ

بڑی بڑی سخت سنگین آبادیاں آتش کی نظر ہو چکی ہیں

دیگر ہزار ہا بانسی جھونپڑیاں بسترے بوریاں اور ٹاٹ

لکھو کھہا انسانوں کے گولیاں کھا کر عدم کو چل بسے ہیں

ور بعض بیمار شفا خانوں میں کھاتے ہیں بیٹھے فروٹ فرٹ

کسی دنیا کے بادشاہ کے ساتھ یہی ہرگز ہرگز نہ ہوگی

جیسی کہ ہوتی ہے جرمن جاپن کو اس جنگ میں گھاٹ

برطانیہ بڑی جابر سلطنتوں کو شکست دے چکا ہے

کیونکہ خاص کر لشکر جابر ہے گورکھا پٹھان ور جاٹ

فتح ور کامیابی کی خوشی میں تمام ہندوستان کے دفتر بند ہوئے

کیا پہاڑی علاقے ہمالیہ شملہ کوہ مری ور چیٹ

مسلم لیگ کا آفتاب

کیا کیا دکھا رہی ہے لیگ کامیابیاں
گویا یہ سے چمکی ہے پاکستان کی چابیاں
سی پی، یوپی اور اڑیسہ بہار میں
ہر جانب ہر طرف ہیں اس کی [illegible]
بنگال اور مدراس میں فتح ہوئی ہے یہ
طاقت دکھائی ایک ہندوستان پنجابیاں
لاکھوں مخالفوں کی ضمانت ضبط ہوئی
رل خاک میں گئی ہیں سب کی سرفرازیاں
جہاں آفتاب نکلا ہو قیامت کا نمونہ
وہاں روشنی کیا کر سکیں دیوے مہتابیاں
پہنچے ہیں اپنی کوشش سے اوج فلک پہ ہم
دشمن اٹھاتے پھرتے ہیں ذلت خرابیاں
احرار وخاکسار یونینسٹ کانگرس
ہر ملک پہ رہی ہے پٹی انتخابیاں
ناکام دیکھ اپنے کو استاد سب حریف
دن رات کھا رہے ہیں سخت پیچ وتابیاں

خدا کا شکر

یہ نظم پنجاب اسمبلی کے انتخاب میں مسلم لیگ کی بے مثال کامیابی پر بطور شکریہ لکھی گئی۔خادم

شکریہ لاکھوں کروڑوں یہ خد کرتے ہیں ہم
آج نصرت فتح کا سجدہ ادا کرتے ہیں ہم
دنیا میں جس کام کی ابتدا کرتے ہیں ہم
تیری رحمت کی مدد سے انتہا کرتے ہیں ہم
چار سو عالم میں اپنی کیا صدا کرتے ہیں ہم
تیرے نام و نای کی صفت و ثنا کرتے ہیں ہم
حریف و حاسد ہر طرح کرتے ہیں بنا ٹھوس کام
لیکن سر مجلس و محفل برملا کرتے ہیں ہم
بن گئے ہیں تب سے ہم اوج فلک کے آفتاب
مسٹر جناح کو جب سے اپنا راہنما کرتے ہیں ہم
ماسوئے لیگ کس کو کامیابی ہے نصیب
پٹی کثرت ہر طرف ور جا بجا کرتے ہیں ہم
یہ تماشے جھنجھٹی ور توقفے دیکھے ہیں کیا
آگے آگے دیکھئے اب کیا سے کیا کرتے ہیں
جھولتا جھنڈا رہے استاد پاکستان کا
خاص کر کے درد و دل سے یہ دعا کرتے ہیں ہم

ظفر اور گابے کا مقابلہ

(یہ نظم سینٹرل اسمبلی کے انتخابات کے موقع پر خاکسار امیدوار کے ایل گابا کی ناکامی اور مسلم لیگ امیدوار مولوی ظفر علی صاحب آف زمیندار کی کامیابی پر لکھی گئی) خادم

ظفر کے مقابل کھڑا تھا جو گابا

مولانا نے اس کو ہے دب دب کے دابا

سوا چھ سو پرچہ حریفوں نے پایا

مگر پینتی سو تک ہمارا تھا بابا

گابے کی جانب تو دلی بشر تھے

ہماری طرف تھ رئیس و نوابا

یہی حشر ہوتا ہے اس کا بزرگو

چپے چال دنیا میں جو بے محابا

نامی گرامی تھے ووٹر ہمارے

تھے اس کی طرف فقط لیبہ خدابا

ملو لیگ سے خاکساری حراری

فضول کرو یہ نہ خونا و خرابا

جب کہ چوٹی کا لیڈر جناح ہو گیا ہے

اب نہیں ہو سکے گا تمہیں کامیابا

عزیزوں بزرگوں کو کہتا ہے ستاد

گنواؤ کسی کا نہ اب ، دبا

مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ

آج کل جنگ آزادی کی ہے دھوم دھام
تو گر مسلم ہے تو مسلم لیگ میں آ
ایک خدا رسول اور قرآن کو ماننے والوں
کیوں ڈرتے ہو تفرقہ پڑنے میں بہر خدا
کورس بیگم بادشاہ کبھی جیتے نہیں جاتے
جب تک نہ ہوگے تم متفق کا یکا
زور قوت طاقت و بازو سے سے
اپنی قوم کو اوج و بلندی پہ پہنچا
آج پیش ہے تیری زندگی موت کا سوال
ایسا نہ ہو رہ جائے تیری کوشش کا گلہ
شہ بہادری اور کر جرات و دلیری میں کمال
شیر نر سمجھتی ہے تجھ کو زمانے کی فضا
کب آئے گا مقابل میں تیرے جب کہ کر دی تو نے
رستم زول اور کہ حیدری کی صدا
اس طرف چاہیے ہونا بزرگاں عزیز
بہتا جس طرف کشتی اسلام کا ہے دریا
شب و روز ہے ہم کو تیری آمد کی ٹھنی
جلد سے جلد آکر آتش فرقت کو بجھا
اگرچہ تم یوسف ہو تو چھو ہم زلیخا ہی سہی
مگر استاد کو یہ تو بتادو کہ کب ہو گا میل مد

چوہدری محمد اسلم صاحب کے گجرات سے تبادلہ پر

خداوند عالم تو اپنا فضل کر
بخشش عنایت طفیل رسل کر
اسلم کی خاطر لگی ہے یہ مجلس
دلی جا رہے ہیں جو ہم سے بدل کر
بڑا ملک نامی گرامی ہے آقا
اگر قدم رکھنا تو رکھنا سنبھل کر
نرمی سے رعب و جلالت نہیں رہتا
شروع سے سختی ذرا مستقل کر
گو جانتے ہو بندوبست کچھ بھی
نظام حکومت قبل از قبل کر
نوشیرواں بھی کرے سرنگونی
کچھ اس طرح سے عدالت عدل کر
ہوتا تھا میری مسرت کا باعث
گر مجھ کو دیتے بھی بانگ دہل کر
رہنے بھی دے چند فقروں پہ استاد
نہ طول اتنا اپنا قصیدہ غزل کر

تقریب یکم اپریل سے غیر حاضری کی معذرت

نوٹ: یکم اپریل ۱۹۳۴ء کی تقریب پر حلقہ ادب گجرات نے استاد صاحب کی خدمت میں USA (استاد شعرائے عالم) اور ASS (افسر شعر و شاعری) کے گرانقدر اور موزوں خطابات زیر صدارت جناب چوہدری محمد اسلم صاحب مجسٹریٹ درجہ اول گجرات پیش کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ ٹاؤن ہال گجرات میں ذوق سینکڑوں کی تعداد میں جمع تھے مگر کسی حاسد نے استاد صاحب کو بہکا دیا اور کہا کہ ass تو گدھے کو کہتے ہیں اور استاد صاحب بجائے ٹاؤن ہال گجرات میں تشریف فرما ہونے کے نالہ شاہ جہانگیر کے قریب گجرات سے دو میل کا فاصلہ پر کسی ڈیرہ میں چھپ گئے اور ارباب حلقہ ادب کی طرف سے انتہائی جستجو کے باوجود دستیاب نہ ہو سکے۔ چنانچہ مجبوراً یکم اپریل کی تقریب ملتوی کرنا پڑی اور یہ دونوں خطابات استاد صاحب کو بعد ازاں حلقہ ادب کے اجلاس میں دیئے گئے۔ یہ نظم استاد صاحب نے یکم اپریل کی اس تقریب سے غیر حاضری کے متعلق بطور معذرت لکھی ہے۔ اس میں اسے بہکانے والے حاسد کے حق میں جو دعائے مستجاب فرمائی ہے اس کے پیش نظر امید نہیں کہ وہ آئندہ کسی ایسی تقریب کے موقع پر استاد کو بہکانے میں کامیاب ہو سکے۔ خصوصاً جب کہ استاد نے یہ وعدہ کیا ہے۔

کبھی ایسا نہ ہوگا نہ آئندہ دوبارہ
چلا اس قدر تیز حریفوں کا آرہ
کہ بھرنا پڑا جس کا ہم کو کفارہ
حلقہ ادب نے مقرر کیا تھا
اپریل میں اک مشاعرہ پیارا
بڑی شان و شوکت سے تیاری ہوئی تھی
دیکھنے کے مقابل تھا اس کا نظارہ

سنا ہے افسر صدر بھی تھے شامل
جمشید اکبر سکندر و دارا
حسد حاسدوں نے کیا اس قدر ہے
مجھے شہر سے کر دیا تھا آوارہ
ادھر جستجو اور تجسس تھی میری
ادھر تک رہا تھا میں دریا کنارہ
حسد کرتے ہیں جو اس حلقہ ادب کا
غرق کر دے تو ان کو پروردگارہ
سدا روئیں سپٹیں وہ درد ہجر میں
چھٹے ان کی آنکھوں سے خونی فوارہ
خدا ان کو ڈھولک یا باجہ بنا دے
پھریں در بدر بجتے مثل چکارہ
دنیا میں ابھریں نہ سر سبز ہو ویں
ہمیشہ ان کی قسمت کا ڈوبے ستارہ
عزیزوں بزرگوں کو تکلیف ہوئی ہے
کبھی ایسا نہ ہو گا آئندہ دوبارہ
میری بد نصیبی ہے استاد ورنہ
میں بنتا تھا بڑھ چڑھ کے دولا دولارہ

تقریظ

از جناب ملک عبدالرحمٰن صاحب خادم بی اے ایل ایل بی پلیڈر۔ گجرات

طبع استاد کا کلام ہوا
باعث خاص و عام ہوا
حاسدوں کی ہے موت کا پیغام
بدل استاد غیر الام ہوا
تلملاتا ہے آج گوشہ نشین
اس کو حاصل نہ یہ مقام ہوا
کر کے یہ دیوانہ وار استاد کام
آج دنیا میں نیک نام ہوا
کہتے استاد کو جو تھے "ماعز"
دور ان کا خیال خام ہوا
کیوں نہ استاد اس پہ ناز کرے
زندہ جاوید اس کا نام ہوا
طبع خادم ہوئی ہے بانگ دہل
کام استاد کا تمام ہوا

The End------ ختم شد --------